یا علی مدد

یا علی مدد

یا علی مدد

محمد و آلِ محمد علیہم السلام

کی

تعلیم کردہ دعائیں اور اعمال

جنکی تلاوت اُلجھنوں مصیبتوں اور پریشانیوں کے حل کی ضامن ہیں

مرتبہ

محمد وصی خان

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرون ِ ملک مقیم ھیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں.

منجانب .

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پا کستان

نقش مولا علیؑ:

برائے رد آفات و بلیات۔ مصیبت
پریشانی اور ترقی کاروبار۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میری تمہاری سب کی مدحت حیدر وصی / ورد زباں رکھیں ہمیں اس عہد کی

فہرست مضامین

فاتحہ برائے ایصال ثواب
وصی حیدر زیدی ابن حسین احمد زیدی
محمد وصی خاں و دیگر مومنین

کا براہِ راست واسطہ مشکل کشا عالم حضرات امیرالمومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے ہے۔ تاریخ بتاتی ہے کہ آپؑ نے ہر نبیؑ اور انسان کی مدد کی ہے۔ جب انہوں نے مشکل کشاء کو یاد کیا۔

دُعاگو

تم پاس اب میں لایا ہوں فریاد یا علیؑ
دو داد اور مراد کرو شاد یا علیؑ

سگِ درِ بوتراب
محمد وصی خان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اظہارِ تشکر

امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ارشادِ گرامی ہے کہ "وہ شخص بدنصیب ہے جس کا کوئی دوست نہ ہو۔" اللہ پاک کا شکر ہے کہ میرے بہت عزیز دوست ہیں۔ جس کی مثال یہ کتاب ہے جب میں نے اپنے احباب سے اس کتاب کی اشاعت کی بات کی تو سب دوستوں نے کہا۔ خان صاحب! آپ کتاب مرتّب کریں، ہم تعاون کریں گے۔ اس سلسلہ میں جن جن حضرات نے تعاون فرمایا۔ اُن کے اسمائے گرامی مندرجہ ذیل ہیں۔ خداوندِ کریم اُن کو مزید عزّت، دولت، شہرت اور صحت عطا فرمائے اور اُن کے گھروں پر بی بی زہرا ؑ کا سایہ رہے۔

۱۔ جناب اسد جعفری صاحب   مبلغ /1500 روپے

۲۔ جناب ظفر اقبال صاحب   مبلغ /1000 ,,

۳۔ جناب طاہر عباس صاحب   مبلغ /1000 ,,

۴۔ جناب نرجس فاطمہ صاحبہ   مبلغ /1000 ,,

۵۔ جناب ذوالفقار حیدر صاحب   مبلغ /400 ,,

سید واجد حسین جعفری مبلغ /500 روپے

۶۔ جناب سید احمد عابدی	مبلغ -/400 روپے
۷۔ جناب مشرف حسین چیئرمین "دی ہیلپر"	مبلغ -/200 روپے
۸۔ جناب عشرت حسین صاحب	مبلغ -/200 روپے
۹۔ جناب جمیل اصغر صاحب	مبلغ -/200 روپے
۱۰۔ حسین زہرا دختر محمد وصی خان	مبلغ -/2000 روپے
۱۱۔ جناب سلطان بھائی	مبلغ -/100 روپے
۱۲۔ جناب علی عباس بھائی	مبلغ -/2000 روپے
۱۳۔ سیدہ عارفہ بی بی زوجہ شاکر حسین	مبلغ -/200 روپے
۱۴۔ ابراہیم نقوی	مبلغ -/200 روپے

عالیجناب سید غلام نقی رضوی صاحب قبلہ صدر پاک محرم ایسوسی ایشن رجسٹرڈ و چیئرمین پاک محرم ایجوکیشن سوسائٹی رجسٹرڈ نے ارشاد فرمایا کہ ایک سو کتابوں کی جو قیمتی ہوگی وہ میں ادا کروں گا۔ اس کے علاوہ دیگر اخراجات جو ہوں گے وہ اس خادم کے ذمہ ہوں گے۔

آپ حضرات سے التجا اور گذارش کرتا ہوں مولا علیؑ مشکل کشاءِ عالم سے میری صحت کیلئے دعا ضرور کیجئے گا تاکہ میں اسی طرح قومی خدمت کرتا رہوں (وصی)

یا علی مدد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انتسابِ عقیدت

ہم اپنی اس حقیر تالیف کی حجتِ یگانہ امامِ زمانہ، ناخُدائے کشتیٔ اسلام، صاحبِ العصر و الزمان حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام وارثِ علم نبوت کے بارہویں تاجدار کے وجودِ مقدس اور نامِ نامی و اسمِ گرامی سے معنون و منسوب کر رہے ہیں تاکہ سرکار ہمارے والدین و بزرگوں کی مغفرت فرمائیں اور ہم سب کی جُملہ پریشانیوں کے حل میں معاون اور مددگار ہوں۔

مشکل قدم قدم پہ ہے راہِ حیات میں
مشکل کا سامنا ہے یہاں بات بات میں
لیکن جو بات بات میں مشکل کو حل کرے
ایسا کوئی ضرور ہے اس کائنات میں

ناچیز

مُحمّد وصی خان و احباب

چودہ خصلتیں

امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا ارشادِ گرامی ہے کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میری اُمّت میں چودہ خصلتیں پیدا ہوں تو اس پر مصیبتیں نازل ہونا شروع ہو جائیں گی: "یا رسول اللہ وہ خصلتیں کون سے ہونگی"۔ سرکار نے ارشاد فرمایا۔

(۱) جب سرکاری مال ذاتی ملکیت بنالیا جائے گا (۲) امانت کو مالِ غنیمت سمجھا جائے گا

(۳) زکوٰۃ جرمانہ محسوس ہونے لگے (۴) شوہر بیوی کا مطیع ہونے

(۵) بیٹا ماں کا نافرماں بن جائے (٦) آدمی دوستوں سے بھلائی کرے اور باپ پر ظلم کرے

(۷) مساجد میں شور مچایا جائے۔ (۸) قوم کا رذیل ترین آدمی اس قوم کا لیڈر ہو۔

(۹) آدمی کی عزت اُس کی برائی کے ڈر سے ہونے لگے۔

(۱۰) نشہ آور اشیاء کھلم کھلا استعمال کی جائے (۱۱) مرد ابریشم پہننے لگیں۔

(۱۲) آلات میں موسیقی کو اختیار کیا جائے۔(۱۳) رقص و سرود کی محفلیں سجائی جائیں۔

(۱۴) اس وقت کے لوگ اگلوں پر لعن طعن کرنے لگیں۔

تو لوگوں کو چاہیئے کہ پھر عذاب الٰہی کے منتظر رہیں۔ خواہ سُرخ آندھی کی شکل میں آئے یا زلزلے کی شکل میں یا اصحاب سبت کی طرح صورتیں مسخ ہونے کی شکل میں۔

(ترمذی شریف) مرسلہ: چوہدری محمد عابد آرائیں (بحوالہ روزنامہ جنگ کراچی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا علی ادرکنی

یا علی ادرکنی

پیارے بھائیو / بہنو السلام علیکم

ایک گزارش ایک تمنا

کتاب تلاوت کرنے سے پہلے اس مضمون کو ضرور پڑھیے۔

الحمد للہ خالق کائنات پروردگار عالمین کا احسانِ عظیم اور کرم ہے کہ اس نے معصومین علیہم السلام کے صدقہ میں اس ناچیز، حقیر فقیر کو احباب کی مدد، مہربانی اور اور عنایت نوازی کی بدولت یہ سعادت عطا کی کہ مومنین کرام کی خدمت عالی قدر میں ایک ایسی مکمل کتاب پیش کروں جس میں الجھنوں، پریشانیوں اور مصیبت سے نجات کیلئے دعائیں، اعمال، عملیات اور مناجات تحریر ہوں جو آج تک اردو زبان میں یکجا طور پر پیش نہ کی گئی ہو۔ لہٰذا میں نے کافی جستجو محنت اور لگن کے بعد تقریباً پچاس عدد سے زیادہ قیمتی اور نایاب عربی اور فارسی کی کتابوں سے جملہ دعائیں، اعمال اور عملیات کو حاصل کیا تو تمام کی تمام دعائیں ائمہ اطہار علیہم السلام کی تعلیم کردہ ہیں تاکہ مومنین کرام ان دعاؤں کی تلاوت سے بھرپور فائدہ حاصل کرسکیں اور میری صحت کیلئے دعا بھی کریں۔

بھائیو! جو حضرات عربی نہیں جانتے ان کیلئے ہر دعا، اعمال اور عملیات کا اردو ترجمہ بھی موجود ہے اس کو اردو طریقہ سے مثلِ عربی ادا کریں۔ خداوند کریم ہر شخص کے دل کا حال جانتا ہے کیونکہ ائمہ اطہار علیہم السلام نے یہ تعلیم

دی ہے کہ خدا دل کے بالکل قریب ہے، اس کو انسان کی بندگی اور اطاعت سے واسطہ ہے عربی فارسی سے نہیں۔ اسکے علاوہ خالق کی جن محبوب ہستیوں کا واسطہ اور وسیلہ دیا اور بنایا جاتا ہے وہ حجتہ خدا ہیں انکو بھی ہر زبان کا علم ہوتا ہے۔ دل سے ہر زبان میں نکلی ہوئی دعا اور مناجات کو یہ ہستیاں فوراً خالق کائنات کے در تک پہنچا دیتی ہیں۔ جن کتابوں سے استفادہ حاصل کیا گیا ہے انکے اسمائے گرامی • قرآن کریم ترجمہ و تفسیر مولوی فرمان علی صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ • حدیث رسول اکرم ترمذی اور بخاری شریف • نہج الفصاحہ • نہج البلاغہ • اصول کافی • روح الحیات از علامہ مجلسی • مجمع الدعوۃ • غیبت صغریٰ • مصباح کفعمی • تہذیب الاسلام • التوحید از شیخ صدوق • وسائل الشیعہ • کتاب الصلوٰۃ • من لایحضرہ الفقیہ • عیون اخبار الرضا • ہدیۃ الزائر • زین المتقین اسم اعظم از علامہ عالم فقری • چادر انسانیت از عبدالکریم مشتاق • وظائف ناد علی از علی رضا • توضیح المسائل آیات خوفی • فضائل و اعمال از علامہ سید فاضل علی شاہ مولوی گوہر مقصود از سید غلام نقی رضوی • تحفۃ الصائمین از سید غلام نقی رضوی • وظائف الصالحین از غلام نقی رضوی • تحفۃ المومنین رضا رضوانی۔ اعجاز جناب سیدہ • دعائے نور حدیث کساء مترجم محفل حیدری • استغاثہ و ظائف مقبول • اعجاز القرآن از سید صولت حسین نقوی • تشریح القرآن وغیرہ۔
اس کتاب کی خاص بات یہ ہے کہ تقریباً تمام اعمال، عملیات اور مناجات

بقیہ صفحہ ۶ پر

افتتاحیہ

انسانوں میں مذہب کی طرف سے بے توجہی، لاپرواہی اور نفرت
کا روزانہ بڑھتے جانا ایک ایسی حقیقت ہے کہ جس کا انکار نہیں کیا
جا سکتا۔ تمام مذاہب کے علماء کی زبان و قلم سے یہ شکایت مختلف
الفاظ اور عنوانات کے ساتھ بیان کی جاتی رہی ہے۔ اس انسا
رجحان کو روکنے کے لئے علمائے مذاہب نے طرح طرح کے اقدامات
کئے ہیں۔ بعض نے اپنے مذہب میں مصنوعی خوشنمائی کا اضافہ کی
بعض نے مذہب کو اقتصادیات اور معاشرے کی پوجا کے تانے با
سے آراستہ کیا۔ بعض نے عقائد و عبادات میں حسبِ دل خواہ ترمیم
کیں۔ بعض جدید مذاہب نے عبادات و احکامات کو اختیا
اور انفرادی قرار دے کر صرف محبت سے رہنے سہنے کو مذہب
قرار دے دیا۔ لیکن افسوس کہ یہ اور اس قسم کے تمام اقدامات ناکام
ثابت ہوتے چلے گئے۔ اور انسان روز بروز مذہب سے دور تر
ہوتا چلا جاتا ہے اور اس رجحان میں روز افزوں ترقی کی جا رہی ہے

۲۔ ہم بھی انسان ہیں اس لئے انسانی رجحانات و ضروریات

کو سامنے رکھتے ہوئے ہم اس معاملہ میں عوام الناس کو قصور وار نہیں کہتے بلکہ خود کو مجرم گردانتے ہیں۔ اس لئے کہ جب ایک انسان یہ دیکھتا ہے کہ اس کا مذہب اس کی روز مرہ پیش آنے والی دقتوں میں کہیں بھی کام نہیں آتا۔ زندگی کے کسی موڑ پر اس کی راہ نمائی نہیں کرتا۔ یہی نہیں بلکہ وہ دیکھتا ہے کہ اس کے گاڑھے پسینہ کی کمائی مذہب کے نام پر اس سے چھین لی جاتی ہے اور اس کے قیمتی وقت کو مذہبی عبادات پر صرف کرنے اور زندگی کے چیختے ہوئے تقاضوں کو نظرانداز کردینے پر اصرار کیا جاتا ہے۔ عمل نہ کرنے پر طعن و تشنیع کی جاتی ہے۔ گویا اسے کمزور تر و غریب تر کرنے کا دوہرا دوہرا انتظام موجود ہے وہ دیکھتا ہے کہ پکے اور پابندی سے عبادت کرنے والے بھی اسے قربتِ خداوندی کا ثبوت نہیں دے سکتے۔ کوئی ایسی نعمت یا قوت نہیں دکھا سکتے جو اسے عبادت کرنے پر ابھارے ایسے عالم میں اگر وہ اپنے مذہب سے لاپرواہی نہ کرے اور اس مذہب پر اصرار کرنے والوں سے متنفر نہ ہو جاتے تو کیا کرے ؟۔ چنانچہ بعض لوگوں نے کھلم کھلا ان مصنوعی مذاہب سے انکار کر دیا۔ اور بعض اپنے ماحول سے خوفزدہ رہ کر بادلِ ناخواستہ مذہب کے پوستین پہنے نظر آتے

ان کے علماء بالکل مطمئن اور خوش ہو جاتے ہیں۔ اور اس قسم کے نمازی بنانے اور پیدا کرنے کے لئے منظم جماعتیں برسرِپیکار ہیں۔ گورنمنٹ کے عطیات اور غربا کا سرمایہ اس قسم کی دینی خدمت پر صرف کرنے میں جہاد کے برابر ثواب سمجھا جاتا ہے اور مسٹر و مولانا میں مقابلہ رہتا ہے۔

اب ذرا یہ دیکھئے کہ تمام مسلمان علماء نا سمجھی اور بلا معنی نماز کے لئے انتہائی تاکید کر کر کے تھکے جاتے ہیں۔ تارک الصلوٰۃ کی سزاؤں کی بھیانک تفصیل بیان کی جاتی ہے۔ پابندی پر مسرت و اطمینان کا اظہار ہوتا ہے۔ متعلقین میں عزت و وقار حاصل ہوتا ہے۔ اور کم از کم صاف ستھرا رہنے میں مدد بھی ملتی ہے۔ ان سب کے باوجود نماز کی طرف سے بے توجہی میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اس معاملہ میں کم و بیش مسلمانوں کے تمام فرقوں کی حالت یکساں طور پر زوال پذیر ہے

۵:۔ اس کے بعد انہیں مسلمانوں کی ایک عبادت کو دیکھئے! جس میں روز افزوں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اور کمال یہ ہے کہ اس عبادت کے بجا لانے کی تاکید و تائید تو کجا اس کو روکنے اور خلاف فطرت اور شرعاً حرام قرار دینے کے لیئے انفرادی و اجتماعی اور منظم کوششیں جاری رہتی چلی آئی ہیں۔ یہ

ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسی حالت میں ان کے مذہبی اعمال کا اثر مرتب نہیں ہو سکتا اور پنج وقتہ نمازی ہونے کے باوجود قربتِ خداوندی سے ہمیشہ محروم رہیں گے۔

۳:۔ علمائے مذاہب کے کرنے کا کام یہ تھا کہ وہ خداداد مذہبی اصول و فروغ کو بحال رکھتے ہوئے اپنی علمی قدرت سے دین کو اس طرح پیش کرتے کہ متعلقین اس پر عمل کئے بغیر ہمیشہ نقصان اور خسارے میں رہتے۔ جب انسان عملاً تجربہ کرتا کہ دونوں جہانوں میں سہولت سے کامیابی حاصل کرنا اور صرف تعمیل احکامات خداوندی میں ہے تو وہ عبادات و احکامات سے مانوس ہوتا۔ دین اس کی روزانہ کی زندگی میں ممد و معاون بنتا۔ اس کے برعکس یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ عبادات و احکامات خواہ سمجھ میں آئیں یا نہ آئیں تعمیل بہر حال ضروری ہے۔

۴:۔ عبادات کے معاملہ میں مسلمان تمام دیگر مذاہب سے زیادہ پابند ہیں۔ لیکن یہاں بھی آپ کو اتفاق ہی سے کوئی مسلمان ملے گا جو نماز کے اغراض و مقاصد اور شرائط کو سمجھ کر نماز بجالاتا ہو، یا جو کچھ وہ نماز میں پڑھتا ہے اس کے معانی و مفاہیم کو سمجھتا ہو۔ اور ہم دیکھتے ہیں کہ اس ناسمجھی بوجھی نماز پڑھنے والوں سے ان کا حلقۂ احباب اور عزیز و اقارب حتی کہ

عبادت ہے۔ عزاداری سید الشہداء اور اہل حرم علیہم السلام

پھر یہ دیکھئے کہ اس عبادت میں صرف وقت ہی خرچ

نہیں ہوتا بلکہ اس میں جان و مال قربان کرنا پڑتا ہے۔ اس میں
دشمنانِ آلِ محمد سے ٹکر لینے کے لئے خون کو گرم رکھنا پڑتا ہے
اپنے گوشت کی بوٹیاں قیمہ کی شکل میں بکھیرنے کے لئے اپنے ہاتھ
سے مسکرا مسکرا کر چھریاں تیز کرنا پڑتی ہیں۔ اس میں پسینہ ہی نہیں
بلکہ اپنا تازہ خون چھڑکا جاتا ہے۔ اس عبادت کے لئے خون آلودہ
تمناؤں کے ساتھ محرم کا چاند دیکھا جاتا ہے۔ دل امڈ آتے
ہیں۔ آنسوؤں کی جھڑیاں لگ جاتی ہیں۔ آرام و چین ترک کر دیا
جاتا ہے۔ چارپائیاں الٹ دی جاتی ہیں۔ جائز لذات ترک کر
دی جاتی ہیں۔ ان جان فرسا اور خوفناک اعمال کے باوجود اس
عبادت میں بے توجہی کا شائبہ تک نہیں ملتا اور تعجب یہ ہے وہی
طبقہ جو ندکورہ نماز سے کتراتا تھا، اب سر دھڑ کی بازی لگا دیتا
ہے۔ مذہب سے بے توجہی برتنے والے جوان اپنا مدِ مقابل
چنتے ہیں۔ اور آمنے سامنے کھڑے ہو کر اپنا خون اور گوشت قربان
کرنے میں بازی لے جانے کا مقابلہ کرتے ہیں۔ صرف اس لئے کہ
وہ مقصدِ عزاداری کو سمجھ چکے ہیں۔ وہ بتانا چاہتے ہیں۔ ان کے امام

کی قربانی نے ایک ایسی جماعت تیار کی ہے جو ضرورت پڑنے پر ایک اشارہ میں تن، من، دھن سب کچھ قربان کر دینا کھیل سمجھتی ہے

۶:- کاش ہم نے مسلمانوں کو نماز کا مقصد اور عملی قواعد اسی طرح ذہن نشین کرا دیئے ہوتے۔ جس طرح ہمارے بزرگ ترین اور عظیم ترین علماء نے مقصدِ عزاداری کو ان کے شعور و لاشعور میں پیوست کر دیا تھا کہ وہ اب کسی طرح نکل ہی نہیں سکتا تھا۔ اور روز بروز نئے عنوانات کے ساتھ ترقی پذیر ہے۔ ان عملی مثالوں سے یہ ثابت کرنا مقصود تھا کہ انسان خدا کی راہ میں سب کچھ لٹا دینے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ اگر اس پر جبر نہ کیا جائے۔ اگر اسے مقصدِ خداوندی محسوس و مشہود طریقہ پر سمجھا دیا جائے۔

۷:- ہم اپنی منصبی ذمہ داری کے ساتھ آپ کو بتانا چاہتے ہیں کہ یہ ترجمہ اور یہ حدیث شریف محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام کا مرتبہ سمجھانے اور آپ کے قلوب کو متاثر کرنے کی ضمانت ہیں۔ اس مبارک حدیث میں آپ کو اسی مبارک چادر کا تذکرہ ملے گا۔ جس کے سایہ میں آنے کی تمنائیں عرش و فرش پر کی جاتی رہیں۔ یہ وہی چادر ہے جس میں ام المومنین حضرت ام سلمہ ایسی بزرگ ہستی کے لئے گنجائش نہ نکل سکی یہ

وہی چادر ہے جس کو لوٹنے کے لئے بڑے بڑے دردانہ اور عظیم منصوبے بنائے
گئے — یہی چادر تھی جس کی حفاظت کے لئے کربلا کی عظیم ترین قربانی پیش کی
گئی۔ آپ اسی چادر کے چھن جانے کا ماتم کرتے ہیں۔ یہی چادر تھی جسے یزید لعنہ کو
واپس دینے پر مجبور کر دی گئی۔ سنیئے اور یاد رکھیئے کہ یہ حدیث ہمارے مذہب
کی جان ہے۔ جس قلب میں یہ حدیث ہو گی۔ یا جس گھر میں اسے محبت و مودت سے
پڑھا جائے گا۔ وہ مصائب و آلام سے نجات پا جائے گا۔

یہ حدیث دونوں جہانوں میں آپ کی کامیابی کی ضمانت لے گی۔ محبانِ اہلبیت
میں شمار کرائے گی۔ ہرجائز مراد بر آئے گی۔ اختلافات کو فنا کر کے خلوص و محبت
سے قلوب کو لبریز کر دے گی۔ (آمین) والسلام

احقر: محمد وصی خان

(۱) **یَا اَللّٰہُ** (اے معبود) جو شخص بلاناغہ یَا اَللّٰہُ یَا ھُوْ ایک ہزار
مرتبہ پڑھے گا وُہ یادِ الٰہی کی طرف مائل ہو جائے گا اور دِل سے شکوک و شبہات
دُور ہو جائیں گے۔ اگر لاعلاج مریض ہو تو اس وظیفہ کی بدولت اِن شاء اللہ تعالیٰ
مکمل صحت یاب ہو جائے گا۔ نمازِ جمعہ سے پہلے ایک سو مرتبہ پڑھنے سے تمام
اُمور آسان ہو جائیں گے جو شخص ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو
وُہ کچھ عرصہ کے بعد صاحبِ کشف ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِلتماس
برائے ایصالِ ثواب

امیرالمومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے ایک شخص نے سوال کیا، میرے مولاؑ و آقاؑ ہم لوگ جو مرنے والے کیلئے سورہ فاتحہ (الحمد) اور سورہ اخلاص (توحید) کی تلاوت کرتے ہیں تو اس کے صِلہ میں ہم پڑھنے والوں کو کیا مِلتا ہے۔ امیرالمومنین نے ارشاد فرمایا کہ جس مجلس، محفل اور جگہ پر حاضرین ان سورتوں کی تلاوت کرتے ہیں وہاں جتنے مومنین موجود ہوتے ہیں اُن کی تعداد سے دُگنا ثواب تلاوت کرنے والوں کو مِلتا ہے۔

میرے مولا! آپ نے ہم گناہ گاروں کو کتنی بڑی عبادت اور عظیم ثواب سے نوازا۔

مندرجہ ذیل مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے ایک مرتبہ سُورہ الحمد اور تین مرتبہ سُورہ اخلاص کی التجا کرتا ہُوں (وصی خان)

۱۔ محمّد عسکری خان ابن بچو خان۔

۲۔ سید نظیر الحسن رضوی ابن ظہیر الحسن رضوی

۳۔ محمد یعقوب خان

۴۔ سید یعقوب علی ابن سید امیر علی مرحوم

۵۔ محمد انوار خان ابن محمد امیر خان

۶۔ سید عظمت علی نقوی ابن انور علی نقوی

۷۔ سید عشرت حسین رضوی ابن نصرت حسین رضوی

۸۔ سید شبیر حیدر پیکر نقوی ابن سید ضمیر حیدر نقوی مرحوم

۹۔ سید جمال جعفری مرحوم

۱۰۔ جمال حسینی ابن نقی حسین

۱۱۔ سید حیدر حسین رضوی ابن بہادر حسین رضوی مرحوم

۱۲۔ سید ساجد علی رضوی ابن سید شمشاد علی مرحوم۔

۱۳۔ سید شمشاد علی ابن عباد علی۔

۱۴۔ سید امداد علی ابن عباد علی

۱۵۔ محمد مرتضیٰ ابن حیدر علی

۱۶۔ سید محمود علی ابن سید یعقوب علی۔

۱۷۔ سید آصف علی ابن سید یعقوب علی۔

۱۸۔ امجد حسین ابن محمد الورحسان (مرحوم)

۱۹۔ محمد الورحسان ابن محمد امیر خان۔

۲۰۔ محمد امیر خان ابن محمد کرم خان۔

۲۱۔ سید علی اوسط ابن محمد حسن (مرحوم)

۲۲۔ غلام حسین ابن واحد حسین۔

۲۳۔ غلام عباس ابن غلام حسین۔

۲۴۔ رضا عباس ابن غلام حسین۔

۲۵۔ ظفر عباس ابن غلام حسین

۲۶۔ مولوی فرمان علی مترجم و مفسر قرآن کریم

۲۷۔ محترم سید بشرہ تقی ابن مولوی علی نقی مرحوم

۲۸۔ جناب سید غمخوار بھائی (مرحوم)

۲۹۔ قمر خاتون بنت غلام حسین

۳۰۔ محترمہ فاطمہ زہرا بنت سید صفدر علی مرحوم

۳۱۔ علیم النساء بیگم زوجہ محمد عسکری خان مرحوم

۳۲۔ اُمِ حسن خاتون زوجہ محمد یعقوب خان مرحوم

۳۳۔ ممتاز جہاں بیگم بنت بادشاہ علی مرزا

• کنیز بانو بنت طہاور حسین۔ • سید ذاکر حسین زیدی ابن سید سعادت علی • سید ایوب علی ابن سید یعقوب علی۔

• سید ریاض علی جعفری ابن امتیاز علی جعفری • سیدہ کنیز فاطمہ زہرا زوجہ سید ریاض علی • سید اعجاز بیگم بنت سید امتیاز علی

۳۴۔ جمیل فاطمہ بنّت سیّد سجّاد علی۔

۳۵۔ صالح ارشاد بی بی بنّت عالم دین۔

۳۶۔ سرور بیگم بنّت قاسم حسین

۳۷۔ نوشابہ بیگم بنت سیّد شمشاد علی۔

۳۸۔ عزّت آراء بیگم بنّت سیّد شمشاد علی۔

۳۹۔ صنم زہرا بنّت جمال حسین

۴۰۔ نورین فاطمہ بنّت محمّد مرتضیٰ

۴۱۔ حسینہ بانو بنت اشتیاق حسین

۴۲۔ بھاگ بھری زوجہ عالم دین

۴۳۔ صالح ارشاد بی بی بنت عالم دین

۴۴۔ ذکیہ خاتون بنّت سیّد آغا حیدر

۴۵۔ معراج فاطمہ بنّت سیّد علی اوسط

۴۶۔ سروری بیگم بنت سیّد محمد نثار

۴۷۔ سیّد حسن احمد ابن یعقوب حسین

۴۸۔ ثریا بیگم بنّت محمّد حسین

• سیدہ مقبول حسین نقوی ابن امیر حسین • سید مظہر علی زیدی ابن سید حامد علی • سیدہ عاصمہ رضوی بنت نواب اصغر
• محمد طاہر ابن علی احمد • قدیر حسین ابن محمد طاہر • ڈاکٹر پرویز اختر نقوی شہید

۴۹۔ عزیز الحسن ابن امتیاز حسین

۵۰۔ میر نواب علی ابن علی رضا

۵۱۔ اکسری بیگم بنت سید محمد حسین

۵۲۔ سید ظلِ عباس ابن سید علی حسنین

۵۳۔ سید عاطف رضا ابن سید کلب عباس زیدی

۵۴۔ سید حسن عباس ابن سید کربلائی حسین

۵۵۔ عشرت فاطمہ بنت سید مصباح الحسن جعفری

۵۶۔ سید نواب اصغر رضوی ابن سید حبیب اصغر رضوی

۵۷۔ سید شبیر حسین ابن سید ساجد حسین مرحوم

۵۸۔ سید عبادت حسین ابن سید حامد حسین مرحوم

۵۹۔ حسن امام ابن وزیر حسن مرحوم

۶۰۔ وزیر حسن ابن دیانت حسین مرحوم

۶۱۔ محمد رضا ابن محمد ابن حسن مرحوم

۶۲۔ حامد حسین ابن آدم علی

۶۳۔ مصطفیٰ حسین ابن عبادت حسین مرحوم

۶۴۔ مولانا حبیب حیدر ابن محمد سعید مرحوم

۶۵۔ محمد سعید ابن مولا بخش مرحوم

۶۶۔ سجادن بی بی بنت میر امجد علی مرحوم

۶۷۔ علین بی بی بنت قاسم حسین مرحوم

۶۸۔ کنیز فاطمہ بنت ظلِ حسنین مرحوم

۶۹۔ سکینہ بی بی بنت وزیر حسین مرحوم

۷۰۔ عجیل بی بی بنت صوبے میاں مرحوم

۷۱۔ ام کلثوم بنت عبادت حسین مرحوم

۷۲۔ قمر النساء بنت احمد علی مرحوم

۷۳۔ سید قاسم رضا ابن منیر حسین مرحوم

۷۴۔ حجۃ الاسلام علامہ وزیر علی صاحب قبلہ مجتہد ابن نذر علی ناصر

۷۵۔ سیدہ امجدی بیگم بنت سید محمد نواب عابدی

۷۶۔ سیدہ یاسمین زہرا بنت سید محمود الحسن عابدی

۷۷۔ شاعر اہلبیت جناب محسن نقوی شہید

۷۸۔ ادیب قوم جناب عبد الکریم مشتاق شہید

۷۹۔ جناب علامہ کربلاوی صاحب شہید

۸۰۔ سید آل حسن زیدی ابن سید مہدی حسن زیدی

۸۱۔ سید سردار حسین ابن سید خورشید حسن

۸۲۔ علامہ عرفان حیدر عابدی ۸۳۔ سید اذکیار حسین زیدی ابن شبیر ذاکر حسین زیدی ۸۴۔ شبیر ذاکر حسین زیدی

پیغمبرِ اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

- تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو خود قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔
- قرآن پڑھو کیونکہ جو دِل قرآن کو پالیتا ہے خُدا اسے عذاب نہیں دیتا۔
- لوگو! میں ایک بَشَر ہوں اور قریب ہے کہ میں خُدا کے پاس چلا جاؤں۔ میں تمھارے درمیان دو امانتیں چھوڑ کر جارہا ہوں ان میں پہلی امانت کتابِ خدا ہے جس میں ہدایت اور روشنی ہے جو شخص اسے تھام لے اور اس کی پیروی کرے وہ راہِ راست پر ہے اور جو اسے چھوڑ دے وہ گمراہ ہے۔ دوسری امانت میرے اہلِ بَیت ہیں۔ پس کتابِ خدا اور میرے اہلِ بَیت کا دامن تھام لو۔ میں تمھیں اپنے اہلِ بیت کے بارے میں خُدا کی یاد دلاتا ہوں۔

(نہج الفصاحہ)

حضرت امام علی عَلَیْہِ السَّلام نے فرمایا

- اللہ کے ذِکر میں بڑھے چلو اس لیے کہ وہ بہترین ذِکر ہے۔
- اور اُس چیز کے خواہش مند ہو کہ جس کا اللہ نے پرہیزگاروں سے وعدہ کیا ہے اس لیے کہ اس کا وعدہ سب وعدوں سے سچّا ہے۔
- اور نبیؐ اکرمؐ کی پیروی کرو کہ وہ بہترین سیرت ہے۔
- اور ان کی سُنّت پر چلو کہ وہ سب طریقوں سے بڑھ کر ہدایت کرنے والی ہے۔
- اور قرآن کا علم حاصل کرو کہ وہ بہترین کلام ہے اور اس میں غور و فکر کرو کہ یہ دِلوں کی بہار ہے، اس کے نُور سے شِفا حاصل کرو کہ یہ سِینوں کے اندر چھپی ہوئی بیماریوں کے لیے شِفا ہے اور اس کی خُوبی کے ساتھ تلاوت کرو کہ اس کے قِصّے دوسرے سب قصّوں سے زیادہ فائدہ رساں ہیں۔

(نہجُ البلاغہ)

بنامِ خدائے مہربان

عقیدت

خُلوص و محبّت اور ایثار و قربانی کی خُوشبو میں ڈوبا ہوا لفظ ماں اپنے اندر تقدّس کی اِک دنیا بسائے ہوئے ہے۔ یہ چاہنے والی اور چاہے جانے والی وہ عظیم ہستی ہے جس کا کوئی بدل ممکن نہیں۔ اس کی عظمت کے لیے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ قول ہی کافی ہے کہ

اَلْجَنَّۃُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّھَاتِ

جنّت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔

اور باپ کا لفظ بھی کتنا مُحترم ہے، اس لفظ سے عظمت اور عزیمت ٹپکتی ہے۔ خُود تکلیفیں اٹھا کر اپنے اہل و عیال کو آرام پہنچانے والی یہ وہ ہستی ہے جس کا سایہ ہر وقت شفقت اور تحفّظ کا احساس دلاتا رہتا ہے۔ باپ کے اولاد پر اور اولاد کے باپ پر بہت سارے حقوق ہوتے ہیں۔ مولائے کائناتؑ نہج البلاغہ میں ارشاد فرماتے ہیں:

"باپ کا اپنے فرزند پر یہ حق ہے کہ وہ اس کا اچھا نام رکھے اسے ادب آداب سکھائے اور قرآن مجید کی تعلیم دے۔ (تاکہ وہ ایک کامیاب زندگی گزار سکے)"

ماں کے دامنِ عاطفت اور باپ کے سایۂ شفقت میں انسان جب زندگی کے مرحلے طے کرتا ہوا قطرے سے موتی بن جاتا ہے تو اسے ماں باپ کے حقوق بھلا نہیں دینا چاہئیں حتیٰ کہ موت کے بعد بھی نہیں کیونکہ ان کا حق کبھی منقطع نہیں ہوتا۔ ائمۂ اہلبیت علیہم السلام کی روایتوں میں آیا ہے کہ فرزندوں کو چاہیے کہ والدین کے قرضے ادا کرنے کی کوشش کریں، ان کے لیے دعائے مغفرت کریں، ان کے نام کا صدقہ کریں، ان کی روح کی تسکین کے لیے محتاجوں کو کھانا کھلائیں اور دوسرے نیک اعمال بجالائیں۔

دُعا

میرے مولا قل ہو اللہ احد کے واسطے۔ اسم اعظم اور اللہ الصمد کے واسطے

میرے مولا قل ہو اللہ احد کے واسطے
اسم اعظم اور اللہ الصمد کے واسطے

اپنی ماں کے باپ کے بھائی کے جد کے واسطے
یا حسین ابن علی آ مدد کے واسطے

طالبِ دُعا: محمد وصی خان

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حقیقتِ دُعَاء

"دعاء" لغت میں "ندا" کے معنی میں ہے اور اصطلاحِ شرع میں خدا کی طرف رغبت اور رجوع کرنے اور اس سے رحمت و حاجت طلب کرنے کا نام "دعاء" ہے۔

"دعاء" وہ فطری طلب و خواہش ہے کہ جو ہر موجود کی فطرت میں اس کے وجود کی تکمیل کے لیے ودیعت کی گئی ہے۔ یعنی دل و دماغ سے مصیبت و پریشانی کے عالم میں بیساختہ تڑپ و اضطراب کے ساتھ جو فریاد اور آواز بلند ہوتی ہے اس کا دوسرا نام "دُعَاء" ہے۔ یعنی "دعاء" وہ دردِ دل ہے جو باطنی طلب و افسانۂ ضمیر اور ماجرۂ حال کو جود و کرمِ قادرِ مطلق کے سامنے ظاہر کرتا ہے۔ لہٰذا جہاں شعور ہے وہاں دعا و فریاد آواز و الفاظ کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔

"دعاء" انسان کے لیے اسی طرح ضروری و فطری ہے کہ جس طرح بھوک کے وقت خوراک کی طلب اور پیاس کے وقت پانی کی طلب فطری ہے، جسمانی طمانینت وسکون کے مقابلہ میں قلبی اور روحانی طمانینت وسکون انتہائی ضروری ہے اور یہ طمانینت وسکون اُس ذات کی طرف رجوع کرنے سے حاصل ہوتا ہے کہ جو خالقِ کائنات اور قادرِ مطلق اور رؤف و رحیم ذات ہے۔

اسلامی نقطۂ نظر سے پروردگارِ عالم نے اپنی بہت سی عنایتوں اور نعمتوں

کو "دعاء" سے وابستہ کیا ہے اور اسے ایک فریضہ کے طور پر بتایا ہے،
جیساکہ قرآن مجید کے سورۂ مومن کی آیت نمبر ۶۰ میں ارشاد ہوا ہے:

" وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ "

(اور تمہارا پروردگار فرماتا ہے کہ مجھ سے دعاء مانگو میں تمہاری
(دعاء قبول کروں گا :)

• اسی سورۂ کی آیت نمبر ۶۵ میں ارشاد ہے:

" هُوَ الْحَيُّ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ؕ " (مومن ۶۵)

یعنی: وہ زندہ (ہمیشہ زندہ رہنے والا) ہے کوئی معبود نہیں سوائے
اُس کے، پس تم خلوص (وصدق دل) کے ساتھ اُسی کو
پکارو (دعاء مانگو)

• پھر سورۂ البقرۃ کی آیت نمبر ۱۸۶ میں ارشاد ہے:

" وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ؕ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ٥ "

یعنی: (اے رسولؐ!) جب میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو
(کہہ دیجیے) یقیناً میں (اُن کے) پاس ہی ہوں (اور) جب
کوئی مجھ سے دعاء مانگتا ہے تو ہر پکارنے والے کی دعا کو
(سُن لیتا ہوں اور جو مناسب ہو تو) قبول کر لیتا ہوں پس
(لازم ہے کہ میرے احکام بجالائیں) اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ
وہ ہدایت پاسکیں۔)

- سورۃ النمل کی آیت نمبر ۶۲ میں ارشادِ باری ہے :

"اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ"

یعنی (بھلا وہ کون ہے کہ جب مُضطر (پریشان حال) اُسے پکارے تو (دعاء قبول کرتا ہے اور) مصیبت کو دور کرتا ہے۔)

* پیغمبر اکرم ؐ کی حدیث ہے کہ :

"دعاء مومن کا ہتھیار ہے اور دین کا ستون ہے"

* امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ :

"دعاء مومن کی سپر ہے۔ جب تم بار بار دروازہ کھٹکھٹاؤ گے تو وہ تمہارے لیے دروازہ کھول دے گا۔"

* حضرت امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ :

"دعاء، بلا و مصیبت کو ٹال دیتی ہے۔"

* حضرت امام محمدؐ باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے :

"دعاء عبادت ہے۔"

* حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے :

"دعاء موت کو واپس کر دیتی ہے چاہے وہ موتِ مبرم ہی کیوں نہ ہو۔"

* حضرت امام علی رضا علیہ السلام فرماتے ہیں :

"جو شخص مصیبت میں گرفتار ہونے سے پہلے دعاء کرتا ہے، تو مصیبت پڑنے پر اُس کی دعاء مستجاب ہوتی ہے۔"

دُعا مانگنے کا سلیقہ :

عثمان بن عیسیٰ سے منقول ہے کہ ایک شخص نے حضرت امامِ حسین علیہ السلام سے

عرض کیا کہ یا بن رسول اللہؐ ! کلام ربانی ہے کہ :

" مجھ سے دعاء کرو میں تمھاری دعاء قبول کروں گا "

میں ہر چند دعاء کرتا ہوں مگر قبول نہیں ہوتی ۔ ؟

- آپ نے فرمایا : کیا تیرا خیال ہے کہ خداوندِ عالم وعدہ خلافی کرتا ہے ؟
- اُس نے عرض کیا : ہرگز میرا یہ خیال نہیں ۔
- آپ نے فرمایا : پھر دعاء قبول کیوں نہیں ہوتی ؟
- اُس نے عرض کیا : مجھے معلوم نہیں ۔
- تب حضرت نے ارشاد فرمایا : جو شخص باری تعالیٰ کی فرمانبرداری کرتا ہے وہ ان آداب و شرائط کے ساتھ دعاء کرے جو قبولیت کیلئے ضروری ہیں حق سبحانہٗ تعالیٰ ضرور اس کی دعاء قبول فرماتا ہے ۔
- اُس شخص نے عرض کیا : یا حضرتؑ ! وہ طریق کیا ہے ؟
- ارشاد فرمایا : دعاء مانگنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے خدا کی حمد و ثناء کرے اور اس کی عطا کی ہوئی نعمتوں کو یاد کرکے شکر بجالائے پھر محمدؐ و آلِ محمدؑ پر درود بھیجے ، پھر اپنے گناہوں کو یاد کرکے اپنے قصوروار ہونے کا اقرار و اعتراف کرے اور خدا سے مغفرت کا طالب ہو اس کے بعد اپنی حاجت بیان کرے ۔

اوقاتِ قبولیتِ دعاء :

کتاب " کافی " میں جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ

" بہترین وقتِ دعاء ، وقتِ سحر ہے "

امیر المومنین حضرت ابو الائمہ امام علی بن ابو طالب علیہ السلام فرماتے ہیں کہ :

دعاء کے لیے چار اوقات غنیمت ہیں :

(۱) قرآن مجید پڑھنے کے وقت ۔ (۲) ہنگامِ اذان (۳) تیز بارش کے دوران ۔ (۴) وقتِ جہاد جب دونوں جنگی صفیں ملیں گھمسان کی جنگ ہو۔

انہی حضرت سے منقول ہے کہ جس وقت تم میں سے کسی پر رقّت طاری ہو تو اُسوقت دعاء کرو۔ کیونکہ جب تک خلوص نہ ہو رِقّت طاری نہیں ہوتی ۔

مقاماتِ قبولیّتِ دُعاء :

کتاب "بحۃ الدّعوات" میں ہے کہ "دعاء کی قبولیّت کے لیے بہترین مقامات یہ ہیں :

(۱) مسجدالحرام ، (۲) عرفات (۳) مشعرالحرام (۴) مسجد نبوی اور مدینہ منوّرہ (۵) مسجدِ کوفہ (۶) بیت المقدس (۷) تمام مساجد (۸) مقابرِ شہداء وصلحاء و والدین (۹) تمام اَئمہ معصومین ؑ کے روضۂ مبارک خصوصاً روضۂ مبارک حضرت امام حسین علیہ السّلام ۔

وہ جماعت جسکی دعاء قبول ہوتی ہے :

"کافی" میں حضرت رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے منقول ہے کہ "چار آدمیوں کی دعاء رد نہیں ہوتی اور ان کی دعاء کے لیے آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں :

(۱) باپ جو اپنے فرزند کے لیے دعاء کرے ۔ (۲) وہ مظلوم جو اپنے ظالم کے حق میں دعاء کرے ۔ (۳) وہ شخص جو عمرہ بجالاکر اپنے اہل وعیال کی طرف واپس ہوتا ہوا رکسی مطلب کے لیے دعاء کرے (۴) دعاءِ روزہ دار وقتِ افطار ۔

وہ گروہ جنکی دعائیں قبول نہیں ہوتیں:

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ:

"چار آدمیوں کی دعا مستجاب نہیں ہوتی:

(۱) وہ شخص جو اپنے گھر میں بیٹھا رہے اور خدا سے روزی کا سوال کرے جواب میں حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ: آیا میں نے تجھ کو طلبِ روزی کا حکم نہیں دیا۔ (روزی کی تلاش میں گھر سے نکلنا چاہیے)

(۲) وہ شخص جو اپنی زوجہ کے حق میں (زوجہ کے لیے) بددعا کرے۔ اُس سے کہا جاتا ہے کہ: کیا ہم نے تجھے زوجہ کو طلاق دینے کا حکم (اختیار) نہیں دیا۔

(۳) وہ شخص جو صاحبِ مال ہو اور اس کو ضائع کرے اور پھر کہے کہ مجھے روزی عطا ہو: تو ارشاد ہوتا ہے کہ: "آیا میں نے تجھے میانہ روی کا حکم نہیں دیا تھا۔

(۴) وہ شخص جو مال رکھتا ہو اور اُس میں سے کسی کو قرضہ دے اور اُس پر کوئی گواہی نہ دے اور قرض لینے والا منکر ہو جائے اور یہ شخص اُس کے حق میں (اُس کے لیے) بددعا کرے، تو حق سبحانہٗ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ: "آیا میں نے تجھے گواہ قرار دینے کا حکم نہ دیا تھا۔"

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ "عین الحیوٰۃ"[1] میں لکھتے ہیں کہ:

"فرمایا، صادقِ آلِ محمدؐ نے کہ:

"خدا اُس شخص کی دعا قبول نہیں فرماتا جس کا دل سخت ہو، اور

---

[1] اردو میں اس کا ترجمہ ۔۔۔ "روح الحیات" کے نام سے ہو چکا ہے

وہ دعاء بھی مستجاب نہیں ہوتی جو غفلت و فراموشی سے ہو"
لہٰذا جس وقت دعاء کرے تو اپنے دل کو متوجہ رکھے اور یقین کرے
کہ انشاء اللہ اُس کی دعاء ضرور قبول ہوگی۔

مختصراً عرض ہے کہ استجابتِ دعاء کے لیے منجملہ اور شرطوں کے
خلوص، خشوع و خضوع، حضوریٔ قلب، تقویٰ، طہارت، اُکلِ حلال،
اور صدقِ مقال کی ضرورت ہے۔

مختلف ادوار میں عالمِ انسانیت کے رُشد و ہدایت کے لیے جو انبیاءؑ
اور مرسلین بھیجے گئے اُنھوں نے وقتِ ضرورت اور حاجت، ربّ العالمین
کے حضور دعائیں مانگیں جن کو شرفِ قبولیت حاصل ہوا اور اُن کے درد کا
مداوا ہوا۔ یہ ادعیہ قرآن کریم کے مختلف پاروں میں محفوظ ہیں۔

دُعاء مانگنے کا طریقہ

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ
الْمُعْتَدِيْنَ ۝ (سورۃ الاعراف آیت ۵۵)

ترجمہ:- پکارو اپنے پروردگار کو گڑگڑاتے ہوئے اور چھپکے چھپکے کیونکہ
بلاشبہ وہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا (دوست نہیں رکھتا)

سریع الاجابت اور سریع التاثیر اعمال

برائے

وسعتِ رزق و تونگری و مالداری

(ماخوذ از رسالہ "اسرارِ مکنونہ" ترجمہ "لآلی مخزونہ" و جواہرِ مصونہ)

پہلا عمل :- آیۂ شریفہ

"وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝" الطلاق ۶۵ آیت ۳

یہ عمل جناب امیر المومنین علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام سے منقول ہے، طریقہ اِس عمل کا یہ ہے کہ اس کو جمعرات، جمعہ یا پیر کے دن سے شروع کرے لیکن بہتر یہ ہے کہ جمعرات کو شروع کرے۔ چالیس روز تک ہر روز

ایک سو اُنچاس (۱۴۹) مرتبہ بلا کمی و بیشی کے پڑھنا چاہیئے بہتر ہے کہ نمازِ فجر کے بعد پڑھے۔ چالیسویں دن ۱۷۹ مرتبہ پڑھے۔ اِس طرح کُل تعداد ۶۳۰۸ ہو جائے گی۔ انشاءاللہ دورانِ عمل ہی کامیابی نصیب ہوگی لیکن عمل کو مکمل کرنا چاہیئے یہ بھی ممکن کہ عامل کے عمل میں کسی کوتاہی کی بناء پر مقصد پورا نہ ہو سکے تو اِس عمل کو دوبارہ شروع کرے حتیٰ کہ مقصد پورا ہو۔

دوسرا عمل:۔ آیۂ شریفہ

"اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝"

اِس آیت کو ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ حق تعالیٰ ایسی جگہ سے روزی پہنچائے گا جس کا گمان بھی نہ ہوگا۔

تیسرا عمل:۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ دعائے استغفار ہر روز سو مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ مال اور علم کا خزانہ عطا فرمائے گا:۔

"اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ

الْاَرْضِ مِنْ جَمِيْعِ جُرْمِيْ وَظُلْمِيْ وَاِسْرَافِيْ عَلٰى نَفْسِيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۝"

چوتھا عمل: جو شخص "یَا وَهَّابُ" کو آخرِ شب میں ٹوٹتی رات سر برہنہ ہو کر ہاتھوں کو اُٹھا کر سَو مرتبہ کہے حق تعالٰی اُس فقر و درویشی کو دفع کریگا اور حاجت اُس کی بر لائے گا اور جس حلال و مباح چیز کا خواستگار ہو گا وہ اُس کو میسّر آئے گی اور اگر ایک سو تیس مرتبہ اِس اسمِ مبارک کو بطریقِ مذکور پڑھے تو اثر زیادہ و قوی تر ہو گا۔ اور اگر "اَلْوَهَّابُ" (یَا) کا لفظ نہ پڑھے تب بھی کچھ نقصان نہیں، وہی اثر ہو گا۔ اور جو شخص دوشنبہ کو آدھی رات گئے دو رکعت نماز پڑھے اور سجدے میں ستّر مرتبہ "یَا وَهَّابُ" کہے دولتمند ہو جائے گا۔

پانچواں عمل: جنابِ رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کی روزی کا دروازہ تنگ ہو گیا ہو اور وہ چاہے کہ روزی مجھ کو آسانی سے میسّر آجائے تو لازم ہے کہ صبح و شام میں تین تین مرتبہ اِس دُعا کو پڑھے تو عامل کی سات پُشت خلق کی محتاج نہ ہو گی۔ اللہ تعالٰی کی مدد سے۔ اور

وہ دُعا یہ ہے: " یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ٥"

چھٹا عمل:- جو شخص اِن مندرجہ ذیل آیاتِ شریفہ کی مزاولت کرے (روزانہ پڑھے) روز بروز نصرت و فتح تازہ اور دولت بے اندازہ اُس کو حاصل ہوگی، اور کوئی آفت و مکروہاتِ دنیا کا صدمہ نہ پہنچے گا۔ اور جو شخص اِن آیات بابرکات کو اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھے، تو جو جائز مراد مانگے ملے گا۔ خواص اِن آیات بابرکات کے بہت ہیں وہ آیات یہ ہیں:

پہلی آیت: " وَمَنْ یَّعْتَصِمْ بِاللّٰہِ فَقَدْ ھُدِیَ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ٥" آل عمران آیت ۱۰۱

دوسری آیت: " وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ٥" ابراھیم ۱۴ آیت ۴۲

تیسری آیت: " وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا

تُحْصُوْهَا اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ "

چوتھی آیت : وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۝ " النحل پ ۱۴ ع ۱۶ آیت ۸۱

پانچویں آیت : " تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى "

چھٹی آیت : " ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ "

ساتویں آیت : " ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۝ "

آٹھویں آیت : " اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝ "

نویں آیت : " وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۝ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۝ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۝ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ "

طٰہٰ ۲۰ پ ۱۶ ع ۱ آیت ۴-۵ — الانعام پ ۷ ع ۲ آیت ۹۶ — الشوریٰ پ ۲۵ ع ۵ آیت ۵۳ — الطلاق پ ۲۸ ع ۱۷ آیت ۲-۳

ساتواں عمل :- جو شخص اکتالیس مرتبہ یَا عَزِيْزُ کو پڑھے ہرگز محتاج نہ ہوگا۔ اور ہر روز فجر کے بعد

بعد ننانوے مرتبہ اِس اِسم کو پڑھنا لوگوں کے ضمائر[1] اور کیمیا و سیمیا کے اسرار پر مطّلع ہونے کے لیے نافع ہے۔ اور جو شخص اَلْعَزِیْزُ کو ایک چلّہ بھر (چالیس دن) روزانہ چالیس بار پڑھے محتاج نہ ہوگا۔ اور اگر کوئی دو تہائی رات گئے سر و پا برہنہ آستین چڑھا کر رُو بہ قبلہ ہو کر ستّو مرتبہ "یَا عَزِیْزُ" یا "اَلْعَزِیْزُ" پڑھے گا تو خلقِ خدا میں مکرّم و محترم اور ارجمند رہے گا۔

آٹھواں عمل:۔ جو شخص دوپہر کے وقت یا آدھی رات کو ہاتھ اُٹھا کر ستّو مرتبہ یَا رَافِعُ یا اَلرَّافِعُ کہے گا تو لوگوں میں اُس کا مرتبہ بلند و بزرگ تر ہو جائے گا۔

نواں عمل:۔ شرح اسماءِ الٰہی میں منقول ہے کہ جو شخص ہر روز نمازِ صبح سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ اَلرَّازِقُ کہے اور داہنے ہاتھ کی طرف سے شروع کرے قبلے کی جانب کو چلے تو فقر و فاقہ اور بے سر و سامانی سے خلاصی پائے گا، تنگدستی جاتی رہیگی۔

دسواں عمل:۔ جو شخص دن کی پہلی ساعت میں ہر روز

[1] ضمائر وہ باتیں جو علماء نے دل میں رکھی ہیں۔

تین سو آٹھ (۳۰۸) اَلرَّزَّاقُ - یا - یَا رَزَّاقُ پڑھے تو اُس کی روزی کشادہ ہوگی اور غیب سے ایسا رزق حاصل ہوگا جس کا اُسے گمان بھی نہ ہوگا ۔ مجرّب عمل ہے ۔

گیارہواں عمل :۔ وسعتِ رزق کے لیے

یَا وَاسِعُ کو کثرت سے پڑھے تو ہرگز محتاج نہ ہوگا۔ مجرّب ہے۔

بارہواں عمل :۔ تونگری اور آسودگی کے لیے

نمازِ مغرب و عشاء کے درمیان ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) بار یَا غَنِیُّ کو پڑھے ۔ غنا و ثروت و دولت کے حاصل ہونے میں عجیب اثر بخشتا ہے۔ اِس عمل کی بابت بھی تجربے کا دعوٰے کیا گیا ہے یعنی مصنّف کے سوا دوسرے لوگوں کا تجربہ بیان کیا ہے۔

تیرہواں عمل :۔ جو شخص دسؔ جمعے پے در پے اور ہر جمعے کے دن دسؔ دسؔ ہزار مرتبہ اَلْغَنِیُّ الْمُغْنِیُ کو پڑھے اور اِس دوران گوشت وغیرہ نہ کھائے تو جناب اقدس الٰہی اُس کو دُنیا و آخرت میں غنی و بے نیاز کرے گا۔ یہ بھی مجرّب ہے اور ان دونوں ناموں کو ایک ہی نشست میں بارہ ہزار پڑھنا وسیع روزی کا موجب ہے ۔

چودھواں عمل : بعض اربابِ خواص یعنی ، اُن لوگوں نے جو خاصیتِ اسماءِ الٰہی کے عالم ہیں ، لکھا ہے کہ فراخیٔ معاش اور وسعتِ رزق کے لیے دو ہزار تین سو پچاسی مرتبہ
یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ پڑھے۔

پندرہواں عمل : جنابِ امیر المومنین علیہ السّلام سے منقول ہے کہ اگر ہر روز سورۂ واقعہ اور سورۂ مُزّمّل اور سورۂ اللیل اور سورۂ الانشراح (الم نشرح) کو ایک ایک بار پڑھے تو موجبِ دفعِ فقر و احتیاج ہے اور حاجت پوری ہو۔
اور بعد ختم کے یہ دُعاء پڑھے : چالیس روز اسی طرح عمل کرے
یَا رَزَّاقَ السَّآئِلِیْنَ یَا اَرْحَمَ الْمَسَاکِیْنَ یَا وَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِیَتِكَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ یَا اِلٰهَ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

سولہواں عمل :۔ وسعتِ رزق اور فراخیٔ حالت کیلئے

یہ عمل مجربات میں سے ہے۔ ایک ہفتے تک اس عمل کو بجالائیں یعنی ہر شب درمیان نمازِ مغرب وعشاء چار رکعت نماز اسطرح بجالائیں کہ ہر رکعت میں ایک بار سورۂ فاتحہ اور پچیس ۲۵ مرتبہ آیۂ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝ (طلاق آیت ۲-۳) پڑھیں۔ انشاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

سترہواں عمل :- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے آبائے طاہرینؑ سے نقل کیا ہے کہ جو شخص ہر روز تیس ۳۰ مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۝ پڑھے تو غنا و آسودگی آئے اور فقر و ناداری دور ہو۔

اٹھارہواں عمل :- جناب علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام نے اپنے آبائے طاہرینؑ سے نقل کیا ہے، اُنھوں نے امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام سے کہ جناب رسولِ خدا ؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر روز لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۝ کو

دعاء یہ ہے :۔ یَا اَبْصَرَ النَّاظِرِیْنَ یَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِیْنَ یَا اَسْمَعَ السَّامِعِیْنَ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَیَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ ۝ بعدِ فراغت دعاء کے لیے ہاتھ پھیلائے قاضی الحاجات سے اپنا مقصد و مطلب بیان کرے اللہ نے چاہا تو مراد پائے گا۔

اکیسواں عمل :۔ جو شخص سُوْرَۃُ اللَّیْلِ، اور سُوْرَۃُ الشَّمْسِ کو سات سات مرتبہ پڑھ کر تیس ۳۰ مرتبہ یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ یہ عمل تین رات متواتر کرے مراد پائے گا۔

بائیسواں عمل :۔ منقول ہے کہ جو شخص اپنی روزی میں تنگی کے باعث پریشان ہو تو وہ مندرجہ ذیل تسبیحات کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ ترتیب وار پڑھے تو وہ اس قدر وسیع روزی پائے گا کہ ضبط نہ کر سکے گا اور رکھنے سے عاجز ہوگا۔ یعنی کثیر روزی ملے گی، ہفتہ کو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ،

اتوار کو یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ پیر کے دن یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ۔ منگل کے روز یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ۔ بُدھ کے روز یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ: جمعرات کے دن یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ اور جمعہ کے روز لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ۝ پڑھے اور اللہ پر بھروسہ کرے کیونکہ جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اللہ اُس کے لیے کافی ہے۔

تیئیسواں عمل:۔ ہر نماز کے بعد ہمیشہ یَا حَیُّ اٹھارہ (۱۸) مرتبہ پڑھا کرے تو اِس کے سبب سے وسیع رزق ملتا رہے گا نیز طولِ عمر کا باعث ہوگا اور مرگِ مفاجات سے نجات پائے۔ اِسی طرح یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا پڑھنا بھی عظیم اثر رکھتا ہے۔

چوبیسواں عمل:۔ جو شخص ہر روز بیس (۲۰) مرتبہ یہ دُعا پڑھے گا تو اُس کی روزی زیادہ ہوگی: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ فَاِنَّہٗ لَا یَمْلِکُھَا اَحَدٌ غَیْرُکَ ۝

پچیسواں عمل : جو شخص کہ یَا جَلِیلُ بہت کہے تو وہ لوگوں کی نظر میں اس قدر قابلِ تعظیم ہوگا کہ جو اُسے دیکھے گا تو اُس کی عزّت و توقیر گمان سے زیادہ کرے گا۔

چھبیسواں عمل :- حضرت رسولِ خداؐ سے منقول ہے کہ دفعِ فقر و تنگدستی اور بیماری سے نجات حاصل کرنے کے لیے یہ کلمات پڑھا کرے۔ نہایت مجرّب ہے :-

"لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝"

ستائیسواں عمل :- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ تنگیٔ رزق میں یہ دعا پڑھا کرو :-

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِىْ مِنْ فَضْلِكَ الْوَاسِعِ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بَلَاغًا لِّلدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ صَبًّا صَبًّا هَنِيْئًا مَّرِيْئًا مِّنْ غَيْرِ كَدٍّ

وَلَا مَنٍّ مِنْ اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اِلَّا وُسْعَةً مِّنْ فَضْلِكَ الْوَاسِعِ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَمِنْ فَضْلِكَ اَسْئَلُ وَمِنْ عَطِيَّتِكَ اَسْئَلُ وَمِنْ يَدِكَ الْمَلْاٰءِ اَسْئَلُ۔

اٹھائیسواں عمل :

اِن ہی حضرت سے منقول ہے کہ یہ دُعاء بھی روزی میں وسعت کے لیے پڑھے تو بہت مفید ثابت ہوگی:۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَكَفَّلْتَ بِرِزْقِيْ وَ رِزْقِ كُلِّ دَآبَّةٍ يَاخَيْرَ مَدْعُوٍّ وَّيَاخَيْرَ مَنْ اَعْطٰى وَيَاخَيْرَ مَنْ سُئِلَ وَيَا اَفْضَلَ مُرْتَجٰى اِفْعَلْ بِيْ ۔۔۔۔اس کے بعد اپنا مطلب بیان کرے۔

اُنتیسواں عمل :

۔ حضرت رسولِ خدا ؐ سے روایت ہے کہ دفع فقر کے لیے یہ دُعاء پڑھے :۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ ٥

کشادن رشتۂ دختران

کتاب مجمع الدعوۃ میں منقول ہے کہ جس لڑکی کا رشتہ نہیں ملتا ہو تو یہ آیات لکھ کر تعویذ بنا کر لڑکی گلے میں پہنے یا خود لڑکی اکتالیس روز تک ہر روز چالیس بار بقصد رشتہ ورد کرے۔

اس کے علاوہ اس مقصد کے لئے لڑکی کے ماں باپ بھی پڑھیں تو بہتر ہے۔

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ

اور ہم ہی نے ہر چیز کی دو دو قسمیں بنائی ہیں تاکہ تم لوگ نصیحت حاصل کرو۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ قَوْلِكَ هٰذَا وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ

اے اللہ تو اپنے قول کے مطابق اور محمد اور آل محمد کے طفیل تو اس عورت

اَنْ تَرْزُقَ هٰذِهِ الْمَرْاَةَ زَوْجًا مُوَافِقًا غَيْرَ مُخَالِفٍ

کے مخالف وغیر مخالف شوہر عطا فرما۔ مجھ کو محمد اور ان کی

بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ؕ۔

اور انکی تمام آل کا واسطہ۔

ہر دلعزیزی

بعض لڑکیاں سسرال میں جاتی ہیں وہاں ان کی پذیرائی نہیں ہوتی ساس نندوں نے زندگی اجیرن کردی ہو۔ اور ایک وقت ایسا آجائے گا کہ خاوند بھی مجبور ہو کر رہ جائے تو ایسی صورت میں بعض اوقات لڑکی کی زندگی بالکل تباہ ہو جاتی ہے اس کو میکے میں رہنے پر مجبور کردیا جاتا ہے ایسی لڑکی کو اسم الٰہی کا سہارا لینا چاہیئے جو مندرجہ ذیل طریقے سے ورد کرے۔

طریقۂ دُعا

"یَا عَزِیْزُ مِنْ کُلِّ عَزِیْزٍ بِحَقِّ یَا عَزِیْزُ"

کسی جمعرات کو ایک تسبیح درود اول اور آخر کے درمیان ۱۰۸ مرتبہ تلاوت کریں اور یا عزیز کا ورد کثرت سے کریں انشاء اللہ جلدی بہت عزت ہوگی اس ہی طرح اگر کسی کو ملازمت کے درمیان اپنے ساتھیوں اور افسروں سے ہمدردی اور عزت

چاہیے۔ جس وجہ سے وہ پریشان ہیں وہ بھی یہ عمل خیرانجام دے

بچوں کی کند ذہنی کو دُور کرنا

جس بچے کا ذہن کند ہو یا پڑھنے سے جی چرا تا ہو۔ یا کہے کہ میرا پڑھنے کو جی نہیں چاہتا۔ تو چینی کی سفید طشتری پر زعفران یا پانی سے باوضو ہو کر سورۂ الم نشرح معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر اور صاف پانی یا عرقِ گلاب سے دھو کر اس بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ اس کا ذہن تیز ہو جائے گا اور رغبت علم پیدا ہو جائے گی۔ یہ کام چڑھتے چاند میں کسی بدھ کے دن طلوع آفتاب کے وقت لکھ کر پلائیں۔ مرض نسیان والے بھی یہ عمل کریں فائدہ ہو گا۔

دشمنوں کو مغلوب کرنا

اگر کوئی افسر یا کام کا ساتھی یا ہمسایہ یا کوئی شخص بلائے جان بن جائے اور اس کی حرکتوں سے رُوح سہمی رہے اس کا مقابلہ

کرنا مشکل ہو اور دشمنی کی حد تک نوبت پہنچ گئی ہو تو ۶ر ج ماہ میں
کسی بھی بدھ بعد نماز عشا اوّل اور آخر ایک ایک تسبیح محمد وآل محمد
درود کی پڑھنے کے بعد قرآن کی یہ آیت کچھ دنوں تک ایک سو آٹھ ۱۰۸ بار
پڑھیں انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔
"رَبِّ اَنِّی مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (سورہ قمر آیت ۱۰)

یَا رَحْمٰنُ (اے بڑے مہربان) جو شخص روزانہ یَا رَحْمٰنُ ایک سو
مرتبہ پڑھے گا وہ دنیا کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ اگر مشک یا زعفران سے لکھ کر
کسی دشمن یا بد خلق کے گھر میں دفن کر دیا جائے تو اس میں حیا، شرافت اور نرمی
پیدا ہو جائے گی۔ اگر کوئی رشتہ ملنے کی غرض سے ۳۱۲۵ مرتبہ چالیس روز
تک پڑھے گا تو اسے مناسب رشتہ مل جائے گا۔

میں الحاج سید غلام نقی رضوی صاحب چیئرمین پاک محرم ایجوکیشن سوسائٹی
رجسٹرڈ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جبکی کتاب گوہر مقصود سے میں نے ان دعاؤں
کے مرتب کرنے میں مدد لی
(وصی)

دستِ غیب

۱۔ سورۃ قارعہ کو لکھ کر بطورِ تعویذ تانبے یا چاندی میں مڑھا کر خواہ اپنی گردن میں ڈالے۔ خواہ اپنی جیب میں رکھے۔ اور ہر نمازِ فریضہ کے بعد سورۃ قارعہ کو ایک دفعہ پڑھا کرے۔ دستِ غیب سے رزق آنا شروع ہو جاتے گا۔ لیکن شرط یہ ہے، کہ عمل کا ذکر کسی شخص سے نہ کرے ۔ اور نہ ہی سبیلِ رزق کا تذکرہ کسی شخص سے کرے۔ اور اس رزق کو جائز کاموں پر صرف کرے۔ عمل کے آغاز اور انجام پر سات سات مرتبہ صلوات پڑھا کرے۔ یہ عمل نادرات سے ہے، اکثر بزرگوں نے اس عمل کی تصدیق فرمائی ہے۔

پریشانی سے نجات کیلئے

تنہائی کے عالم میں کسی سے بات نہ کی جائے۔ وضو کر کے ایک نشست میں ۱۰۰۰ مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔

یَا مُغِیثُ اَغِثْنِی بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

یَا صَاحِبَ الرَّائے

"وَالسَّمِعُ بحق طٰهٰ و یٰسین"

(بحوالہ کتاب غیبتِ صغریٰ ناشر امامیہ پبلیکیشنز لاہور)

اِعترافِ گناہ

اور

طلبِ توبہ کے بارے میں

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی دُعا

(اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان ہے)

(اور) نہایت رحم کرنے والا ہے)

اے اللہ! مجھے تین باتیں تیری بارگاہ میں سوال کرنے سے روکتی ہیں اور ایک بات اِس پر آمادہ کرتی ہے۔

جو باتیں روکتی ہیں اُن میں سے ایک تو یہ ہے کہ جس امر کا تو نے حکم دیا میں نے اُس کی تعمیل میں سُستی سے کام لیا۔ دوسرے یہ کہ جس چیز سے تو نے منع کیا، اُس کی طرف میں تیزی سے بڑھا۔ تیسرے یہ کہ جو نعمتیں تو نے مجھے عطا فرمائیں اُن کا شکریہ ادا کرنے میں کوتاہی کی، اور جو بات مجھے سوال کرنے کی جُرأت دلاتی ہے وہ تیرا فضل وکرم اور احسان ہے،

جو تیری طرف رُجوع ہونے والوں اور حُسنِ ظن کے ساتھ آنے والوں کے ہمیشہ شریکِ حال رہا ہے۔ کیونکہ تیرے تمام احسانات صرف تیرے تفضّل کی بناء پر ہیں اور تیری ہر نعمت بغیر کسی سابقہ استحقاق کے ہے۔ اچھا، پھر اے میرے معبود! میں تیرے دروازۂ عزّ و جلال پر ایک عبدِ مطیع و ذلیل کی طرح کھڑا ہوں اور شرمندگی کے ساتھ ایک فقیر و محتاج کی حیثیّت سے سوال کرتا ہوں اِس امر کا اقرار کرتے ہوئے کہ تیرے احسانات کے وقت ترکِ معصیت کے علاوہ اور کوئی اطاعت (حمدُ و شکرُ وغیرہ) نہ کر سکا۔ اور میں کسی حالت میں تیرے انعامُ احسان سے خالی نہیں رہا۔ تو کیا اے میرے معبود! یہ بداعمالیوں کا اقرار تیری بارگاہ میں میرے لیے سود مند ہو سکتا ہے؟ اور وہ بُرائیاں جو مجھ سے سرزد ہوئی ہیں، اُن کا اعتراف تیرے عذاب سے نجات کا باعث قرار پا سکتا ہے؟

یا یہ کہ تو نے اِس مقام پر مجھ پر غضب کرنے کا فیصلہ
کر لیا ہے اور دُعاء کے وقت اپنی ناراضگی کو میرے
لیے برقرار رکھا ہے۔ تو پاک و مُنزّہ ہے ہر عیب سے۔
میں تیری رحمت سے مایوس نہیں ہوں، اِس لیے کہ تو
نے اپنی بارگاہ کی طرف میرے لیے توبہ کا دروازہ کھول
دیا ہے، بلکہ میں اُس بندۂ ذلیل کی سی بات کہہ رہا
ہوں جس نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور اپنے پالنے والے
مالک کی حُرمت کا لحاظ نہ رکھا، جس کی زندگی کے
دن گذر گئے اور گذرتے جا رہے ہیں، یہاں تک کہ جب
اُس نے دیکھا کہ مدّتِ عمل تمام ہو گئی اور عمر اپنی آخری
حد کو پہنچ گئی، اور یہ یقین ہو گیا کہ اب تیرے ہاں
حاضر ہوئے بغیر کوئی چارہ اور تجھ سے نکل بھاگنے
کی کوئی صورت ہی نہیں ہے،

تو وہ شخص ہمہ تن تیری طرف رُجوع ہوا، اور صدقِ نیّت سے تیری بارگاہ میں تائب ہوا۔ اب وہ بالکل پاک و صاف دل کے ساتھ تیرے حضور کھڑا ہوا۔ پھر کپکپاتی آواز سے اور دبے دبے لہجے میں تجھے پکارا، اِس حالت میں کہ خشوع و تذلّل کے ساتھ تیرے سامنے جُھک گیا، اور اپنے سر کو نیوڑھا کر تیرے آگے خمیدہ ہوگیا۔ خوف سے اُس کے دونوں پاؤں تھرّا رہے ہیں اور سیلِ اشک اُس کے رُخساروں پر رواں ہے۔ اور تجھے اِس طرح پکار رہا ہے۔ اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے! اے اُن سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے جن سے طلبگارانِ رحم و کرم بار بار رحم کی التجائیں کرتے ہیں۔ اے اُن سب سے زیادہ مہربانی کرنے والے جن کے گرد معافی چاہنے والے گھیرا ڈالے رہتے ہیں اور اے وہ جس کا عفو و درگذر اُس کے انتقام سے فزوں تر ہے،

اور اے وہ جس کی خوشنودی اُس کی ناراضگی سے زیادہ ہے۔ اور اے وہ جو بہترین عفو و درگذر کے باعث مخلوقات کے نزدیک حمد و ستائش کا مستحق ہے اور اے وہ جس نے اپنے بندوں کو قبولِ توبہ کا خوگر کیا ہے اور توبہ کے ذریعے سے اُن کے بگڑے ہوئے کاموں کی درستگی چاہی ہے اور اے وہ جو اُن کے ذرا سے عمل پر خوش ہو جاتا ہے اور تھوڑے کام کا بدلہ زیادہ عطا فرماتا ہے۔ اور اے وہ جس نے اُن کی دعاؤں کو قبول کرنے کا ذمّہ لیا ہے۔ اور اے وہ جس نے از روئے تفضّل و احسان بہترین جزاء کا وعدہ فرمایا ہے۔ جن لوگوں نے تیری معصیت کی اور تو نے اُنھیں بخشدیا میں اُن سے زیادہ گنہگار نہیں ہوں، اور جنھوں نے تجھ سے معذرت کی اور تو نے اُن کی معذرت کو قبول فرمالیا اُن سے زیادہ سرزنش کے قابل نہیں ہوں۔

اور جنھوں نے تیری بارگاہ میں توبہ کی اور تو نے
(اُن کی توبہ کو قبول فرما کر) اُن پر احسان کیا، میں
اُن سے زیادہ ظالم نہیں ہوں۔ لہٰذا میں اپنے اِس
موقف کو دیکھتے ہوئے تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں
اُس شخص کی سی توبہ جو اپنے پچھلے گناہوں پر نادم اور خطاؤں
کے ہجوم سے خوفزدہ اور جن بُرائیوں کا مرتکب ہوتا رہا ہے اُن
پر واقعی شرمسار ہو، اور جانتا ہو کہ بڑے سے بڑے گناہ کو معاف
کر دینا تیرے نزدیک کوئی بڑی بات نہیں ہے اور بڑی سے
بڑی خطا سے درگذر کرنا تیرے لیے کوئی مشکل اَمر نہیں
ہے، اور سخت سے سخت جُرم سے چشم پوشی تجھے ذرا گراں
نہیں گذرتی ہے۔ یقیناً تمام بندوں میں سے وہ بندہ تجھے زیادہ
محبوب ہے جو تیرے مقابلہ میں سرکشی نہ کرے، گناہوں پر مُصر نہ
ہو اور توبہ و استغفار کی پابندی کرتا رہے۔

اور میں تیرے حضور، غرور و سرکشی سے دستبردار ہوتا ہوں اور گناہوں پر اصرار سے تیرے دامن میں پناہ مانگتا ہوں، اور جہاں جہاں کوتاہی کی ہے اُس کے لیے بھی عفو و بخشش کا طلبگار ہوں، اور جن کاموں کے انجام دینے سے عاجز ہوں اُن میں تجھ سے مدد کا خواستگار ہوں۔

اے اللہ! تو رحمت نازل فرما محمدؐ اور اُن کی آلؑ پر اور تیرے جو جو حقوق میرے ذمے عائد ہوتے ہیں اُنھیں بخش دے اور جس پاداش کا میں سزاوار ہوں اُس سے معافی دے اور مجھے اُس عذاب سے پناہ دے جس سے گنہگار ہراساں ہیں، اِس لیے کہ تُو معاف کر دینے پر قادر ہے اور تجھ ہی سے مغفرت کی اُمید کی جا سکتی ہے اور تو اِس صفتِ عفو و درگذر میں معروف ہے، اور تیرے سوا حاجت کے پیش کرنے کی کوئی جگہ نہیں ہے اور نہ تیرے علاوہ کوئی میرے گناہوں کا بخشنے والا ہے،

حَاشَا وَکَلَّا (نہیں ہر گز نہیں بس تو ہی معاف کر سکتا ہے) کوئی اور بخشنے والا نہیں ہے۔ اور مجھے اپنے بارے میں ڈر ہے تو بس تیرا۔ اِس لیئے کہ تُو ہی سزاوار و لائق ہے کہ تجھ ہی ڈرا جائے، اور تُو ہی اِس بات کا اہل ہے کہ بخشش و آمرزش سے کام لے۔ تُو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما، اور میری حاجت بَرلا اور میری مراد پوری فرما، میرے گناہ بخش دے، اور میرے دل کو (اپنے) خوف سے مطمئن کر دے۔ اِس لیئے کہ تُو ہی ہر چیز پر مکمّل قدرت رکھتا ہے۔ اور یہ کام تیرے لیے سہل و آسان ہے۔ میری دُعا، قبول فرما۔ اے تمام جہانوں کے پالنے والے مالک۔ ٭٭٭٭٭٭

آدابِ تلاوت

قرآن مجید خالقِ کائنات کی آخری کتاب ہے جو اس نے اپنے آخری پیغمبر حضرت محمّد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر وحی فرمائی لہذا قرآنِ مجید کی تلاوت کے وقت ایسے آداب ملحوظِ خاطر رہنے چاہئیں جو خشوع وخضوع اور رُجوعِ قلب کو ظاہر کریں۔ عام کتابوں کے مطالعہ کی طرح اس سے بے اعتنائی اور لاپروائی برتنا گناہ ہے۔ بنا بریں بستر، دیوار یا کسی اور چیز پر تکیہ لگائے ہوئے، ٹانگیں پھیلا کر یا ہر اس وضع سے جس سے بے اعتنائی کا مظاہرہ ہوتا ہو یا قرآن مجید کی توہین ہوتی ہو گریز کرنا چاہیے۔

پاک مقام پر باوضو اور قبلہ رُخ ہو کر پوری توجّہ کے ساتھ تلاوت کرنا چاہیے۔ ہمارے آقا و مولیٰ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام جب تلاوت فرماتے تھے تو بہت رویا کرتے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی سے رُوبرو گفتگو فرما رہے ہیں۔ صرف آنجناب کا ہی نہیں بلکہ ہر معصُوم کی تلاوت کا یہی طریقہ تھا۔

دورانِ تلاوت قرآن مجید کے مطالب پر غور کرنا چاہیے چنانچہ جب رحمت کی آیت سامنے آئے تو خدا سے مغفرت

طلب کرنا چاہیے اور جب عذاب کی آیت پر نظر پڑے تو اللہ
سے امان طلب کرنا چاہیے۔

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منقول ہے
کہ قرآن مجید کا پڑھنا گناہوں کا کفّارہ ہے۔ دوزخ کی آگ سے
نجات ہے۔ عذابِ خدا سے امان ہے۔ قرآن مجید پڑھنے والے پر
رحمتِ خدا نازل ہوتی ہے اور فرشتے اس کے لیے اِستِغفار کرتے ہیں۔

حضرت امیرالمومنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جس گھر میں
قرآن پڑھا جاتا ہے اس گھر میں برکت ہوتی رہتی ہے اور جس
گھر میں قرآن نہیں پڑھا جاتا اس میں شیاطین بسیرا کر لیتے
ہیں لہٰذا مومنین کو تلاوتِ قرآن کا بھرپُور اہتمام کرنا چاہیے۔

واضح ہو کہ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ
الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کا پڑھنا مستحب ہے، اس کے بعد بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر تلاوت شروع کرنا چاہیے۔

دُعا ہے کہ خداوندِ عالم ہماری اس کوشش کو قبول فرمائے،
ہمارے گزشتگان کی مغفرت فرمائے اور ہم سب کو حضراتِ محمدؐ و
آلِ محمد علیہم السّلام کی شفاعت نصیب فرمائے۔

فضیلت سورۂ الحمد

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جابر بن عبد اللہ انصاریؓ سے فرمایا: کیا میں تم کو ایسی سورۃ کی تعلیم دوں جس سے بہتر خداوندِ عالم نے کوئی سورۃ قرآن میں نازل نہ فرمائی ہو؟ جابرؓ نے عرض کیا: جی ہاں! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں یارسول اللہؐ! پس آپ نے سورۃ الحمد تعلیم فرمائی پھر فرمایا: اے جابرؓ! اس کے بارے میں تجھے کچھ بتاؤں؟ جابرؓ نے عرض کیا: جی ہاں! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ آپ نے فرمایا: "یہ موت کے سوا ہر مرض کے لیے شفا ہے۔"

سُوْرَةُ الْحَمْدِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

سب تعریف خدا ہی کے لیے (سزاوار) ہے جو سارے جہان کا پالنے والا، بڑا مہربان رحم والا، روزِ جزا کا حاکم ہے۔(خدایا) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ تو ہم کو سیدھی راہ پر ثابت قدم رکھ، ان کی راہ جنھیں تو نے (اپنی) نعمت عطا کی ہے، نہ ان کی راہ جن پر تیرا غضب ڈھایا گیا اور نہ گمراہوں کی۔

فضیلت سُورۂ ناس

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اپنے گھر میں اس سورۃ کی تلاوت ہر شب کرے گا اس کا گھر جنّات اور وسواس سے نجات پائے گا۔ نیز جس بچہ کے گلے میں اس سورۃ کا تعویذ رہے گا وہ بچّہ جنّات کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اگر سونے سے پہلے مُعَوَّذَتَیْن کو پڑھے تو ہر آفت سے امن میں رہے گا۔

اگر ان سُورتوں کو درد کی جگہ پر پڑھے تو خُداوندِ عالم شفا عطا فرمائے گا۔

سُوْرَةُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

(اے رسولؐ) تم کہو میں لوگوں کے پروردگار، لوگوں کے بادشاہ، لوگوں کے معبود کی (شیطانی) وسوسہ کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں، جو (خدا کے نام سے) پیچھے ہٹ جاتا ہے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالا کرتا ہے، جنّات میں سے ہو خواہ آدمیوں میں سے۔

فضیلت سُورۂ فلق

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ مُعوّذتین جیسی آیات کسی اور نبی پر نازل نہیں ہوئیں۔

جو شخص ماہِ صیام میں اس سورۃ کو واجب اور نفل نمازوں میں پڑھے گا تو گویا اس نے مکّہ میں روزے رکھے اور اسے حج اور عمرہ ادا کرنے کا ثواب ملے گا۔

مُعَوَّذَتَین یعنی سورۃ فَلَق اور سورۃ ناس کے تعویذ کا پاس رکھنا نظرِ بد کے لیے مفید ہے۔

حضرت امام باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ دو رکعت نماز شُفع میں سورۃ فَلَق اور سورۃ ناس پڑھنا چاہیے اور آخری رکعت یعنی وِتر میں سورۃ اخلاص پڑھنا چاہیے، خداوندِ عالم کے نزدیک ایسی نماز مقبول ہے۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

(اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ میں صبح کے مالک کی ہر چیز کی بُرائی سے جو اس نے پیدا کی پناہ مانگتا ہوں اور اندھیری رات کی بُرائی سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے اور گنڈوں پر پھونکنے والیوں کی بُرائی سے (جب پھونکے) اور حَسَد کرنے والے کی بُرائی سے جب حَسَد کرے۔

فضیلت سورۂ اخلاص

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس سُورۃ کو جس نے ایک بار پڑھا اس نے گویا ایک تہائی قرآن ختم کیا۔ نیز ایمان لانے والوں کی تعداد سے دس گُنا زیادہ نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جائیں گی۔ نیز فرمایا کہ سونے سے پہلے ایک تہائی قرآن (یعنی سورۂ اخلاص) پڑھا کرو۔

اِس سُورۃ کو جو ایک بار پڑھے گا اس پر برکت نازل ہوگی جو دو بار پڑھے گا اس کی اولاد پر بھی برکت نازل ہوگی، جو تین بار پڑھے گا اس کے ہمسایوں پر بھی برکت نازل ہوگی۔

سُوْرَةُ الْإِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔
(اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ خدا ایک ہے، خدا برحق بے نیاز ہے، نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ اس کو کوئی جنا اور اس کا کوئی ہمسر نہیں۔

فضیلت سورۂ لہب

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جب اس سورۃ کو پڑھو تو ابولہب کے لیے بددعا کیا کرو اس لیے کہ اس نے حضور سرورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تکذیب کی تھی۔ مروی ہے کہ اگر پیٹ کی تکلیف کے لیے یہ سورۃ پڑھی جائے تو آرام آئے گا۔ اگر سوتے وقت پڑھی جائے تو امن کا باعث ہے۔

سُورَةُ اللَّهَبِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ○ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ○ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ○ وَّامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ○ فِىْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ خود ستیاناس ہو جائے (آخر) نہ اس کا مال ہی اس کے کچھ کام آیا اور (نہ) جو اس نے کمایا۔ وہ بہت بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوگا اور اس کی جورو بھی جو سر پر ایندھن اٹھائے پھرتی ہے اور اس کے گلے میں بٹی ہوئی رسی (بندھی) ہے۔

فضیلت سورۂ نصر

حدیث میں منقول ہے کہ اس سورۃ کی تلاوت کرنے والا گویا فتحِ مکہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہمراہ تھا۔

جو شخص اس سورۃ کو واجب اور نفل نمازوں میں پڑھے گا وہ دشمنوں کے مقابلے میں غالب رہے گا اور بروزِ قیامت اس کے ہاتھ میں ایک کتاب ہوگی جس میں لکھا ہوگا کہ یہ شخص جہنم سے آزاد ہے۔ جس طرف سے گزرے گا راستے کی ہر چیز اس کو جنّت کی خوشخبری دے گی یہاں تک کہ داخلِ جنّت ہوگا۔

سُوْرَۃُ النَّصْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

(اے رسولؐ!) جب خدا کی مدد آپہنچے گی اور فتح (مکہ) ہو جائیگی اور تم لوگوں کو دیکھو گے کہ غول کے غول خدا کے دین میں داخل ہو رہے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرنا اور اسی سے مغفرت کی دعا کرنا۔ وہ بیشک بڑا معاف کرنے والا ہے۔

فضیلت سورۂ کافرون

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس سورۃ کے پڑھنے والے کو چوتھائی قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا۔
سرکش شیاطین پڑھنے والے سے دُور ہو جاتے ہیں۔
شرک سے بَری اور قیامت کی گھبراہٹ سے محفوظ رہے گا۔

سُورَۃُ الْکَافِرُوْنَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔
(اے رسولؐ!) تم کہہ دو کہ اے کافرو! تم جن چیزوں کو پوجتے ہو میں ان کو نہیں پوجتا اور جس (خدا) کی میں عبادت کرتا ہوں اس کی تم عبادت نہیں کرتے اور جنھیں تم پوجتے ہو میں ان کا پوجنے والا نہیں اور جس کی میں عبادت کرتا ہوں تم اس کی عبادت کرنے والے نہیں۔ تمھارے لیے تمہارا دین، میرے لیے میرا دین۔

فضیلت سُورۂ کوثرُ

جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص واجب اور نفل نمازوں میں اس سورۃ کی تلاوت کرے گا اس کو کوثر نصیب ہوگا۔

دیگر حدیث ہے کہ اسے جنّت کی نہر سے سیراب کیا جائے گا اور قیامت تک عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربان ہونے والے جانوروں سے دس گُنا زیادہ ثواب ملے گا۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔
(اے رسولؐ!) ہم نے تم کو کوثر عطا کیا تو تم اپنے پروردگار کی نماز پڑھا کرو اور قربانی دیا کرو بیشک تمہارا دشمن بے اولاد رہے گا۔

فضیلت سورۂ ماعون

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورۃ کی تلاوت واجب اور نفل نمازوں میں کرے گا اس کی نمازیں اور روزے قبول ہوں گے اور بروز قیامت اس کا حساب نہ ہو گا۔ اس سورۃ کی تلاوت کرنے والے کے گناہ معاف ہو جائیں گے بشرطیکہ زکوٰۃ ادا کر چکا ہو۔

نماز صبح کے بعد اگر سو مرتبہ پڑھے تو آئندہ صبح تک خدا کی امان میں رہے گا۔

سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنْ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ ○ فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ○ وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْکِیْنِ ○ فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ○ الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ صَلَاتِھِمْ سَاھُوْنَ ○ الَّذِیْنَ ھُمْ یُرَآءُوْنَ ○ وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

کیا تم نے اس کو بھی دیکھا جو (روزِ) جزا کو جھٹلاتا ہے۔ یہ

تو وہی (کمبخت) ہے جو یتیم کو دھکّے دیتا ہے اور محتاجوں کو کھلانے کے لیے (لوگوں کو) آمادہ نہیں کرتا۔ تو ان نمازیوں کی تباہی ہے جو اپنی نماز سے غافل رہتے ہیں جو دکھانے کے واسطے کرتے ہیں اور روزمرّہ کی معمولی چیزیں بھی عاریت پر نہیں دیتے۔

فضیلت سُورۂ قریش

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورۃ کی تلاوت کرے گا خداوندِ عالم اسے جنّت کی سواری پر سوار کر کے محشور کرے گا۔

اس سُورۃ کی تلاوت کرنے والے کو کعبہ کا طواف اور اعتکاف کرنے والوں سے دس گُنا زیادہ نیکیاں ملیں گی۔

سورۂ فیل اور سورۂ قریش واجب نمازوں میں پڑھنا زیادہ ثواب کا باعث ہے۔

سُوْرَةُ الْقُرَيْشِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔
چونکہ قریش کو جاڑے اور گرمی کے سفر نے مانوس کر دیا ہے
تو ان کو مانوس کر دینے کی وجہ سے اس گھر (کعبہ) کے مالک کی عبادت
کرنی چاہیے جس نے ان کو بھوک میں کھانا دیا اور ان کو خوف سے
امن عطا کیا۔

فضیلت سُورۂ فیل

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص
نماز فریضہ میں اس سورۃ کی تلاوت کرے گا تو روزِ محشر تمام صحرا اور
پہاڑ اس کی نماز کی گواہی دیں گے اور خداوندِ عالم کی طرف سے ندا
آئے گی کہ گواہی قبول ہوئی میرے بندے کو جنّت میں داخل کر دو
یہ اللہ کے دوستوں میں سے ہے اللہ کو اس کا عمل محبوب ہے۔
اس سُورۃ کی تلاوت کرنے والوں کو اللہ امان میں رکھے گا
حملہ آوروں سے محفوظ رکھے گا۔
اگر کسی مصیبت زدہ پر پڑھی جائے تو اس کا دشمن فرار
ہو جائے گا۔

سُورَۃُ الفِیلِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِیۡلِ ؕ

اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَهُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ ۙ﴿۲﴾ وَّاَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ۙ﴿۳﴾ تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ ۙ﴿۴﴾ فَجَعَلَهُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ ﴿۵﴾

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

(اے رسولؐ!) کیا تم نے نہیں دیکھا تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا۔ کیا اس نے ان کی تمام تدبیریں غلط نہیں کردیں (ضرور) - اور ان پر جھنڈ کی جھنڈ چڑیاں بھیجیں جو ان پر کھرنجوں کی کنکریاں پھینکتی تھیں تو انھیں چبائے ہوئے بھُس کی طرح (تباہ) کردیا۔

فضیلت سُورۂ ہُمَزَہ

جناب رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص اس سورۃ کی تلاوت کرے گا تو اس کو کفارِ مکہ کی تعداد سے دس گُنا زیادہ نیکیاں عطا ہوں گی۔

نمازِ فریضہ میں تلاوت کرنے والے سے فقر دُور ہوگا، رزق کھِنچ کر خود اس کی طرف آئے گا۔ اس کی موت بُرے طریقہ پر نہ آئیگی۔

آنکھ کے درد پر پڑھ کر دم کی جائے تو شفا ہوگی۔

نظرِ بد کا اثر بھی اِس سورۃ کے دَم کرنے سے دور ہوجاتا ہے۔

سُورَةُ الهُمَزَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِۨ ○ الَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ○ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ○ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَةِ ○ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ○ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ○ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ○ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ○ فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

ہر طعنہ دینے والے، چغل خور کی خرابی ہے جو مال کو جمع کرتا ہے اور گن گن کر رکھتا ہے، وہ سمجھتا ہے کہ اس کا مال اسے ہمیشہ زندہ باقی رکھے گا، ہرگز نہیں۔ وہ تو ضرور حطمہ میں ڈالا جائے گا اور تم کو کیا معلوم حطمہ کیا ہے وہ خدا کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے جو (تلوے سے لگی تو) دلوں تک چڑھ جائے گی۔ یہ لوگ آگ کے لمبے لمبے ستونوں میں ڈال کر بند کر دیئے جائیں گے۔

فضیلت سُورۂ عصر

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سُورۃ کی تلاوت نفل نمازوں میں کرے گا اس کا چہرہ بروزِ قیامت نورانی ہوگا اور وہ داخلِ جنّت ہوگا۔

نیز اس سُورۃ کی تلاوت کرنے والے کا خاتمہ صبر پر ہوگا اور اس کا شمار اصحابِ حق میں ہوگا۔

سُوْرَۃُ الْعَصْرِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
وَالْعَصْرِ ○ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ○ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔
نمازِ عصر کی قسم! بیشک انسان گھاٹے میں ہے۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کرتے رہے اور آپس میں حق کا حکم اور صبر کی وصیّت کرتے رہے۔

فضیلت سُورۃ تکاثر

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سُورۃ کو سوتے وقت پڑھے گا وہ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔ اگر نماز فریضہ میں پڑھے تو ایک سو شہدار کا ثواب ملے گا۔ اگر سر درد کے لیے یہ سُورۃ پڑھی جائے تو شفا ہوگی۔

سُورَۃُ التَّکَاثُرِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ○ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ○ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ○ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ○ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ○ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ○ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

نسل ومال کی بہتات نے تم لوگوں کو غافل بنائے رکھا یہاں تک کہ تم لوگوں نے قبریں دیکھیں (مر گئے) دیکھو تمھیں عنقریب ہی معلوم ہو جائے گا پھر دیکھو تمھیں عنقریب ہی معلوم ہو جائے گا۔ دیکھو اگر تم کو یقینی طور پر معلوم ہوتا (تو ہرگز غافل نہ ہوتے) تم لوگ ضرور دوزخ کو دیکھو گے پھر تم لوگ یقینی دیکھنا دیکھو گے پھر تم سے نعمتوں کے بارے میں ضرور باز پرس ہوگی۔

فضیلت سورۂ قارعہ

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس سورۃ کی تلاوت کرنے والے کا میزان روزِ قیامت وزنی ہوگا۔

اگر کاروباری لوگ یا تنگدست اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو خداوندِ عالم رزق کے دروازے ان پر کھول دے گا۔

واجب اور سنتی نمازوں میں اس سورۃ کی تلاوت سے رزق میں وسعت ہوگی۔

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۝ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

کھڑکھڑانے والی، وہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے اور تم کو کیا معلوم

کہ وہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے۔ جس دن لوگ (میدانِ حشر میں) ٹڈیوں کی طرح پھیلے ہوں گے اور پہاڑ دھنکی ہوئی روئی کے سے ہو جائیں گے تو جس کے (نیک اعمال کے) پلّے بھاری ہوں گے وہ من بھاتے عیش میں ہوگا اور جس کے (نیک اعمال کے) پلّے ہلکے ہوں گے تو اس کا ٹھکانہ ہاویہ ہے اور تم کو کیا معلوم ہاویہ کیا ہے وہ دھکتی ہوئی آگ ہے۔

فضیلت سورۂ عادیات

جنابِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورۃ کی روزمرّہ باقاعدہ تلاوت کرے گا اس کو پُورے قرآن کے ختم کا ثواب ملے گا۔ اور اگر اس سورہ مُبارکہ کو مقروض پڑھے گا تو اس کا قرض ادا ہو جائے گا۔

سُوْرَةُ الْعَادِيَاتِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ○ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ○ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ○ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ○ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ○ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ○ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ○ وَاِنَّهٗ

لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۝ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔
(غازیوں کے) سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم! جو نتھنوں سے فراٹے لیتے ہیں، پھر پتھر پر ٹاپ مار کر چنگاریاں نکالتے ہیں، پھر صبح کو چھاپہ مارتے ہیں تو (دوڑ دھوپ سے) غبار بلند کر دیتے ہیں پھر اس وقت (دشمن کے) دل میں گھس جاتے ہیں (غرض قسم ہے) کہ بیشک انسان اپنے پروردگار کا ناشکرا ہے، اور وہ یقینی خود بھی اس سے واقف ہے۔ اور بیشک وہ مال کا سخت حریص ہے۔ تو کیا وہ یہ نہیں جانتا کہ جب مُردے قبروں سے نکالے جائیں گے اور دلوں کے بھید ظاہر کر دیئے جائیں گے، بلیشک اس دن ان کا پروردگار ان سے خوب واقف ہو گا۔

فضیلت سورۂ زلزال

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو نوافل میں پڑھے گا وہ کبھی زلزلے و بجلی سے نہ مریگا اور آفاتِ ارضی سے محفوظ رہے گا۔ جب مرے گا تو جنّت میں اس کا مقام ہو گا۔ اس سورۃ کی تلاوت کرنے والے پر موت کی سختی آسان کر دی جائے گی۔

سُورَۃُ الزِّلْزَالِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ○ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ○ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ○ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ○ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ○ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۵ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ○ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ○ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔
جب زمین بڑے زوروں کے ساتھ زلزلہ میں آجائے گی۔
اور زمین اپنے اندر کے بوجھے (معدنیات، مردے وغیرہ) نکال ڈالے گی اور ایک انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہوگیا ہے۔ اس روز وہ اپنے تمام حالات بیان کر دے گی۔ کیونکہ تمھارے پروردگار نے اسے حکم دیا ہوگا۔ اس دن لوگ گروہ گروہ (اپنی قبروں سے) نکلیں گے تاکہ اپنے اعمال کو دیکھیں۔ تو جس شخص نے ذرّہ برابر نیکی کی وہ اسے دیکھ لے گا اور جس شخص نے ذرّہ برابر بدی کی ہے وہ اسے دیکھ لے گا۔

فضیلت سورۂ قدر

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس سُورۃ کو ایک بار پڑھنے کا ثواب ماہِ رمضان کے روزوں کے برابر ہے۔ اِس سورۃ کی بکثرت تلاوت رزق کی ترقی کا باعث ہے۔ سوتے وقت گیارہ بار پڑھے تو موجبِ حفاظت ہے۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو سواری پر سوار ہوتے وقت پڑھے تو مُوجِب سلامتی ہے۔

سُوْرَۃُ الْقَدْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۙ۬ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۛ۫ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا۔ اور تم کو کیا معلوم شبِ قدر کیا ہے۔ شبِ قدر (مرتبہ اور عمل میں)

ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس رات میں فرشتے اور جبرئیل (سال بھر) ہر بات کا حکم لے کر اپنے پروردگار کے حکم سے نازل ہوتے ہیں۔ یہ رات صبح کے طلوع ہونے تک (سراسر) سلامتی ہے۔

فضیلت سورۂ تین

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورۃ کی تلاوت کرے گا اس کو خداوندِ عالم بے حساب اجر عطا فرمائے گا۔ اگر کھانے پر پڑھی جائے تو اس کے مُضِر اثرات زائل ہوجائیں گے۔

سُوْرَةُ التِّيْنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سَافِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔
انجیر اور زیتون کی قسم! اور طورِ سینین کی اور اِس امن والے شہر (مکہّ) کی! کہ ہم نے انسان کو بہت اچھے کینڈے کا پیدا کیا۔ پھر ہم نے اسے (بوڑھا کر کے رفتہ رفتہ) پست سے پست حالت کی طرف پھیر دیا۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور اچھے اچھے کام کرتے رہے تو ان کے لیے تو بے انتہا اجر و ثواب ہے۔ تو (اے رسولؐ!) ان دلیلوں کے بعد تم کو (روز) جزا کے بارے میں کون جھٹلا سکتا ہے۔ کیا خدا سب سے بڑا حاکم نہیں ہے (ہاں ضرور ہے)۔

فضیلت سورۂ انشراح

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورۃ کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے یقین اور عافیت عطا فرمائے گا۔ جو سینے کے درد کے لیے پڑھے تو درد سے شفاء ہو گی۔

سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○
اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ○ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ○ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ

الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَ اِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

(اے رسولؐ!) کیا ہم نے تمہارا سینہ (علم سے) کشادہ نہیں کر دیا (ضرور کیا)۔ اور تم پر سے وہ بوجھ اُتار دیا جس نے تمہاری کمر توڑ رکھی تھی۔ اور تمہارا ذِکر بھی بلند کر دیا۔ تو (ہاں) مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے (اور) بیشک مشکل کے ساتھ آسانی ہے تو جب تم فارغ ہو جاؤ تو مقرر کر دو۔ اور پھر اپنے پروردگار کی طرف رغبت کرو۔

فضیلت سورۂ ضحیٰ

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سُورۃ کی تلاوت کرے گا اس کو خداوندِ عالم کی رَضا حاصل ہوگی۔

اگر کوئی چیز بھول جائے تو یاد آنے پر اس سورۃ کی تلاوت کرے تو وہ چیز خدا کی حفاظت میں رہے گی اور اس کو صحیح وسالم مل جائے گی۔

اور اگر گمشدہ ساتھی کے لیے پڑھی جائے تو وہ ساتھی پلٹ آئے گا۔

سُورَةُ الضُّحٰی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَالضُّحٰی ○ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰی ○ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ○ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ○ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ○ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰی ○ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی ○ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ○ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ○ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ○ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

(اے رسولؐ!) پہر دن چڑھے کی قسم اور رات کی! جب (چیزوں کو) چھپالے کہ تمھارا پروردگار نہ تم کو چھوڑ بیٹھا اور نہ تم سے ناراض ہوا۔ اور تمھارے واسطے آخرت دُنیا سے یقینی کہیں بہتر ہے۔ اور تمھارا پروردگار عنقریب اس قدر عطا کرے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔ اس نے تمھیں یتیم پاکر (ابوطالب کے گھر میں) پناہ دی۔ اور تم کو (احکام سے) ناواقف دیکھا تو منزل مقصود تک پہنچا دیا۔ اور تم کو تنگدست دیکھ کر غنی کر دیا۔ تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دینا۔ اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا ذکر کرتے رہنا۔

سورۃ الممتحنۃ

آیت نمبر ۱۰ میں مہاجر عورتوں کا امتحان لینے کا ذکر ہے۔ اسی مناسبت سے اس سورہ کا نام الممتحنہ رکھا ہے۔ اس کے معنی ہیں امتحان لینے والی سورۃ۔ یہ سورۃ مدینہ میں نازل ہوئی۔ اس میں ۲ رکوع اور ۱۳ آیات اور ۱۳۵۰ الفاظ پر مشتمل ہے یہ سورۃ صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کے درمیانی دور میں نازل ہوئی۔ صلح حدیبیہ فتح مکہ سنہ ۸ھ میں واقع ہوئی۔

(۱) ابن بابویہ نے اپنے استاد کے ساتھ تحریر کیا ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا "جو شخص سورہ ممتحنہ کی تلاوت اپنی واجب اور مستحب نمازوں میں کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسکے دل کو ایمان کیلئے چن لے گا اور اسکی آنکھوں کو نور بصیرت سے روشن و منور کریگا اور سورہ ممتحنہ کی تلاوت کرنے والے اور اسکی اولاد کو کبھی مفلسی و تنگدستی عاجز نہ کر سکے گی اور نہ کسی جنوں و دیوانگی کی بیماری ہو گی"۔

(۲) امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا "جو شخص تلی کی بیماری میں مبتلا ہو اور اُس سے بہت پریشان ہو" وہ سورہ ممتحنہ کو مسلسل تین روز تک لکھے اور پیئے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ تلی کے مرض سے نجات پائے گا اور بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔

(بحوالہ فضائل قرآنی سورہ جات)

نقش سورۃ الممتحنہ

نااُمیدی کی صورت میں

برائے شادی ________ لڑکا/لڑکی

۲۵۳۳۷	۲۵۳۴۰	۲۵۳۴۳	۲۵۳۳۰
۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۱	۲۵۳۳۶	۲۵۳۴۱
۲۵۳۳۲	۲۵۳۴۵	۲۵۳۳۸	۲۵۳۳۵
۲۵۳۳۹	۲۵۳۳۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۴۴

زکوٰۃ:۔ شرف زہرہ میں بروز جمعہ بساعت زہرہ اس نقش کو ۸۱ بار زعفران وگلاب سے لکھ کر پی لے اور سفید و زرد رنگ کی شیرینی مولا علیؑ کی نیاز دیکر تقسیم کردیں۔

فوائد: یہ نقش اگر کسی ایسے لڑکے یا لڑکی کو دیا جائے جس کی شادی میں تاخیر ہو رہی ہو تو اس کی شادی پروردگار کے حکم سے جلدی ہو جائے گی۔

دُعائے نور

سید بن طاؤس نے مہج الدعوات میں حضرت سلمان فارسی رضؓ سے جو روایت نقل کی ہے، اس کے آخر میں ایک خبر مذکور ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت زہرا علیہا السّلام نے مجھے ایک ایسا کلام بتایا جو حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے یاد کیا ہوا تھا اور جسے وہ صبح اور شام پڑھا کرتی تھیں اور فرمایا کہ اگر تم چاہتے ہو کہ تمھیں دُنیا میں کبھی بُخار نہ ہو تو اس کلام کو ہمیشہ پڑھا کرو اور وہ کلام یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ نُوْرِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ مُدَبِّرُ الْاُمُوْرِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ وَاَنْزَلَ النُّوْرَ عَلَى الطُّوْرِ فِیْ كِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ بِقَدَرٍ مَّقْدُوْرٍ عَلٰى نَبِیٍّ مَّحْبُوْرٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هُوَ بِالْعِزِّ مَذْكُوْرٌ وَبِالْفَخْرِ مَشْهُوْرٌ وَعَلَى السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ مَشْكُوْرٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فضیلت سُورۃ واقعہ

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اِس سورۃ کی تلاوت کرے گا وہ غافلین میں شمار نہ ہوگا۔

ابن مسعود کی روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سُنا ہے کہ جو شخص ہر شب اس سورۃ کی تلاوت کریگا وہ فقر و فاقہ میں بتلا نہ ہوگا۔

حضور سرورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر اس سُورۃ کو لکھ کر گھر میں رکھا جائے تو خیر و برکت ہوگی۔
نیز وسعتِ رزق کے لیے مجرّب ہے۔

سُوۡرَۃُ الۡوَاقِعَۃِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اِذَا وَقَعَتِ الۡوَاقِعَۃُ ○ لَیۡسَ لِوَقۡعَتِہَا
کَاذِبَۃٌ ○ خَافِضَۃٌ رَّافِعَۃٌ ○ اِذَا رُجَّتِ
الۡاَرۡضُ رَجًّا ○ وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا ○
فَکَانَتۡ ہَبَآءً مُّنۡبَثًّا ○ وَّ کُنۡتُمۡ اَزۡوَاجًا
ثَلٰثَۃً ○ فَاَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَۃِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ
الۡمَیۡمَنَۃِ ○ وَ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَۃِ ۬ۙ مَاۤ
اَصۡحٰبُ الۡمَشۡـَٔمَۃِ ○ وَ السّٰبِقُوۡنَ السّٰبِقُوۡنَ ○
اُولٰٓئِکَ الۡمُقَرَّبُوۡنَ ○ فِیۡ جَنّٰتِ النَّعِیۡمِ ○
ثُلَّۃٌ مِّنَ الۡاَوَّلِیۡنَ ○ وَ قَلِیۡلٌ مِّنَ الۡاٰخِرِیۡنَ ○
عَلٰی سُرُرٍ مَّوۡضُوۡنَۃٍ ○ مُّتَّکِئِیۡنَ عَلَیۡہَا
مُتَقٰبِلِیۡنَ ○ یَطُوۡفُ عَلَیۡہِمۡ وِلۡدَانٌ
مُّخَلَّدُوۡنَ ○ بِاَکۡوَابٍ وَّ اَبَارِیۡقَ ۬ۙ وَ کَاۡسٍ
مِّنۡ مَّعِیۡنٍ ○ لَّا یُصَدَّعُوۡنَ عَنۡہَا وَ لَا
یُنۡزِفُوۡنَ ○ وَ فَاکِہَۃٍ مِّمَّا یَتَخَیَّرُوۡنَ ○
وَ لَحۡمِ طَیۡرٍ مِّمَّا یَشۡتَہُوۡنَ ○ وَ حُوۡرٌ عِیۡنٌ ○
کَاَمۡثَالِ اللُّؤۡلُؤِ الۡمَکۡنُوۡنِ ○ جَزَآءًۢ بِمَا کَانُوۡا

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

جب قیامت برپا ہوگی (اور) اُس کے واقع ہونے میں ذرا جھوٹ نہیں (اس وقت لوگوں میں فرق ظاہر ہوگا کہ) کسی کو پست کرے گی کسی کو بلند۔ جب زمین بڑے زوروں سے ہلنے لگے گی اور پہاڑ (ٹکرا کر) بالکل چور چور ہو جائیں پھر ذرّے بن کر اُڑنے لگیں گے اور تم لوگ تین قسم ہو جاؤ گے تو داہنے ہاتھ (میں اعمال نامہ لینے) والے (واہ) داہنے ہاتھ والے کیا (چین میں) ہیں اور بائیں ہاتھ (میں نامۂ اعمال لینے) والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (مصیبت میں) ہیں۔ اور جو آگے بڑھ جانے والے ہیں (واہ کیا کہنا) وہ آگے ہی بڑھنے والے تھے، یہی لوگ (خدا کے) مقرب ہیں، آرام و آسائش کے باغوں میں۔ بہت سے تو اگلے لوگوں میں سے ہوں گے اور کچھ تھوڑے سے پچھلے لوگوں میں سے۔ موتی اور یاقوت سے جڑے ہوئے سونے کے تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے، نوجوان لڑکے جو (بہشت میں) ہمیشہ (لڑکے ہی بنے) رہیں گے (شربت وغیرہ کے) ساغر اور چمکدار ٹونٹی دار کنٹر اور شفّاف شراب کے جام لیے ہوئے ان کے پاس چکر لگاتے ہوں گے جس کے (پینے) سے نہ تو ان کو (خمار سے) دردِ سر ہوگا اور نہ وہ بدحواس مدہوش ہوں گے اور جس قسم کے میوے پسند کریں اور جس قسم کے پرند کا گوشت ان کا جی چاہے (سب موجود ہے) اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں جیسے احتیاط سے رکھے ہوئے موتی۔ یہ بدلہ ہے ان کے (نیک)

يَعْمَلُوْنَ ○ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ○
اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ○ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۵
مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ○ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ○
وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ○ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ○ وَّمَآءٍ
مَّسْكُوْبٍ ○ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ○ لَّا مَقْطُوْعَةٍ
وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ○ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ○ اِنَّآ
اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ○ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ○ عُرُبًا
اَتْرَابًا ○ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ○ ثُلَّةٌ مِّنَ
الْاَوَّلِيْنَ ○ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ○ وَ
اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۵ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ○
فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ○ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ○
لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ○ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ
مُتْرَفِيْنَ ○ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ
الْعَظِيْمِ ○ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۵ اَئِذَا مِتْنَا وَ
كُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ○ اَوَاٰبَآؤُنَا
الْاَوَّلُوْنَ ○ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ○
لَمَجْمُوْعُوْنَ ۵ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ○ ثُمَّ
اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ○ لَاٰكِلُوْنَ
مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ○ فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ○

اعمال کا۔ وہاں نہ تو بیہودہ بات سُنیں گے اور نہ گناہ کی بات (فحش) بس ان کا کلام سلام ہی سلام ہو گا۔ اور داہنے ہاتھ والے (واہ) داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا ہے، بے کانٹے کی بیریوں اور لدے گُتھے ہوئے کیلوں اور لمبی لمبی چھاؤں اور جھرنے کے پانی، اور الغاروں میووں میں ہوں گے جو نہ کبھی ختم ہوں گے اور نہ ان کی کوئی روک ٹوک ہوگی اور اُونچے اُونچے (نرم گبھوں کے) فرشوں میں (مزے کرتے) ہوں گے (ان کو وہ حُوریں ملیں گی) جن کو ہم نے نت نیا پیدا کیا ہے تو ہم نے کنواریاں پیاری پیاری ہمجولیاں بنایا (یہ سب سامان) داہنے ہاتھ (میں اعمال لینے) والوں کے واسطے ہے (ان میں) بہت سے تو اگلے لوگوں میں سے اور بہت سے پچھلے لوگوں میں سے۔ اور بائیں ہاتھ (میں نامۂ اعمال لینے) والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (مصیبت میں) ہیں (دوزخ کی) لو اور کھولتے ہوئے پانی اور کالے سیاہ دھوئیں کے سایہ میں ہوں گے جو نہ ٹھنڈا ہے اور نہ خُوش آئند۔ یہ لوگ اس سے پہلے (دُنیا میں) خوب عیش اُڑا چکے تھے اور بڑے گناہ (شرک) پر اَڑے رہتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ بھلا جب ہم مر جائیں گے اور (سڑ گل کر) مٹی اور ہڈیاں (ہی ہڈیاں) رہ جائیں گی تو کیا ہمیں یا ہمارے اگلے باپ داداؤں کو پھر اُٹھنا ہے (اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ اگلے اور پچھلے سب کے سب روزِ مُعیّن کی میعاد پر ضرور اکٹھے کیے جائیں گے پھر تم کو بے شک اے گمراہو جھٹلانے والو یقیناً جہنّم میں تھوہڑ کے درختوں میں سے کھانا ہو گا تو تم لوگوں کو اسی سے (اپنا) پیٹ بھرنا ہو گا

فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ۝ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ
الْهِيْمِ ۝ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝ نَحْنُ
خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا
تُمْنُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ
الْخٰلِقُوْنَ ۝ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ
وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝ عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ
اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝
وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝
اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ
اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ
حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ۝ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝
بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ
تَشْرَبُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ
اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۝ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ
اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ
الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَا
اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً
وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ
الْعَظِيْمِ ۝ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝

پھر اس کے اوپر کھولتا ہوا پانی پینا ہوگا اور پیو گے بھی تو پیاسے اُونٹ کا سا (ڈگڈگا کے) پینا۔ قیامت کے دن یہی ان کی مہمانی ہوگی۔ تم لوگوں کو (پہلی بار بھی) ہم ہی نے پیدا کیا ہے پھر تم لوگ (دوبارہ کی) کیوں نہیں تصدیق کرتے۔ تو جس نطفہ کو تم (عورتوں کے) رحم میں ڈالتے ہو کیا تم نے دیکھ بھال لیا ہے کیا تم اس سے آدمی بناتے ہو یا ہم بناتے ہیں۔ ہم نے تم لوگوں میں موت کو مقرر کر دیا ہے اور ہم اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمھارے ایسے اور لوگ بدل ڈالیں اور تم لوگوں کو اس (صورت) میں پیدا کریں جسے تم مطلق نہیں جانتے اور تم نے پہلی پیدائش تو سمجھ ہی لی ہے (کہ ہم نے کی) پھر تم غور کیوں نہیں کرتے۔ بھلا دیکھو تو کہ جو کچھ تم لوگ بوتے ہو کیا تم لوگ اسے اُگاتے ہو یا ہم اُگاتے ہیں؟ اگر ہم چاہتے تو اسے چُور چُور کر دیتے تو تم باتیں ہی بناتے رہ جاتے کہ (ہائے) ہم تو (مُفت) تاوان میں پھنسے (نہیں) ہم تو بدنصیب ہیں ہی۔ تو کیا تم نے پانی پر بھی نظر ڈالی جو (دن رات) پیتے ہو؟ کیا اس کو بادل سے تم نے برسایا ہے یا ہم برساتے ہیں۔ اگر ہم چاہیں تو اسے کھاری بنا دیں تو تم لوگ شکر کیوں نہیں کرتے۔ تو کیا تم نے آگ پر بھی غور کیا جسے تم لوگ لکڑی سے نکالتے ہو، کیا اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا یا ہم پیدا کرتے ہیں۔ ہم نے آگ کو (جہنّم) کی یاددہانی اور مسافروں کے نفع کے واسطے پیدا کیا۔ تو (اے رسولؐ) تم اپنے بزرگ پروردگار کی تسبیح کرو۔ تو میں تاروں کے منازل کی قسم کھاتا ہوں!

فضیلت آیت الکرسی

مصباحِ کفعمیؒ میں جناب رسالتماب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص اِن آیات کو پڑھے گا تو خداوندِ عالم اس کے دل میں ایمان اور حکمت، خلوص، توکّل اور اطمینان کو داخل کرے گا، اس پر نظرِ رحمت کرے گا اور اس کی روزی میں برکت دے گا اور جو اسے آبِ زمزم یا آبِ باراں سے لکھ کر پیئے گا اس کے جسم سے ہر بیماری دُور ہوگی اور وہ شیطانی اور انسانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔ اور جو اس کا تعویذ پہنے گا وہ درندوں اور حشَراتُ الارض کے شر اور ہر طرح کے سِحر سے بچا رہے گا۔

اٰیَةُ الکُرسِیّ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمَاتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

خُدا ہی وہ (ذاتِ پاک ہے کہ) اس کے سِوا کوئی معبود نہیں (وہ) زندہ ہے (اور) سارے جہان کا سنبھالنے والا ہے۔ اُس کو نہ اُونگھ آتی ہے نہ نیند۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (غرض سب کچھ) اُسی کا ہے۔ کون ایسا ہے جو بغیر اس کی اجازت کے اس کے پاس (کسی کی) سفارش کرے۔ جو کچھ ان کے سامنے (موجود) ہے (وہ) اور جو کچھ ان کے پیچھے (ہو چکا) ہے، (خُدا سب کو) جانتا ہے اور لوگ اس کے علم سے کسی چیز پر بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر وہ (جسے) جتنا چاہے (سکھا دے)۔ اس کی کرُسی سب آسمانوں اور زمینوں کو گھیرے ہوتے ہے اور ان دونوں

(آسمان اور زمین) کی نگہداشت اس پر کچھ بھی گراں نہیں اور وہ (بڑا) عالی شان بزرگ (مرتبہ) ہے۔ دین میں کسی طرح کی زبردستی نہیں کیونکہ ہدایت گمراہی سے (الگ) ظاہر ہو چکی تو جس شخص نے جھوٹے خداؤں (بتوں) سے انکار کیا اور خدا ہی پر ایمان لایا تو اُس نے وہ مضبوط رسّی پکڑلی جو ٹوٹ ہی نہیں سکتی۔ اور خدا (سب کچھ) سُنتا (اور) جانتا ہے۔ خُدا ان لوگوں کا سرپرست ہے جو ایمان لا چکے کہ انھیں (گمراہی کی) تاریکیوں سے نکال کر (ہدایت کی) روشنی میں لاتا ہے اور جن لوگوں نے کُفر اختیار کیا ان کے سرپرست شیطان ہیں کہ ان کو (ایمان کی) روشنی سے نکال کر (کفر کی) تاریکیوں میں ڈال دیتے ہیں، یہی لوگ تو جہنّمی ہیں، (اور) یہی اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

مشکل قدم قدم پہ ہے راہِ حیات میں
مشکل کا سامنا ہے یہاں بات بات میں
لیکن جو بات بات میں مُشکل کو حل کرے
ایسا کوئی ضرور ہے اِس کائنات میں

افادۂ تراجم از قرآن مجید مترجمہ
مولانا فرمان علی صاحب اعلی اللہ مقامہ

تعقیباتِ نمازِ فجر

تہذیب میں سلام مکی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق اور امام محمد باقر علیہما السلام نے فرمایا : شیبۃ الہذیل نامی ایک شخص رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا :

یارسول اللہؐ ! میں بہت بڈھا اور کمزور ہوگیا ہوں، اب مجھ سے اپنے معمول کے مطابق نماز ، روزہ ، حج اور جہاد نہیں ہوتا، مجھے کوئی ایسی چیز سکھا دیجیے جس سے اللہ مجھے فائدہ دے۔ یا حضرت! میرے ساتھ ذرا رعایت سے کام لیجیے۔

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمھارے اردگرد جتنے درخت اور مکان ہیں وہ سب تم پر ترس کھا کر رو رہے ہیں ہاں تم صبح کی نماز پڑھ کر دس دفعہ یوں کہا کرو :

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ . وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ .

اللہ تمھیں اندھے پن ، دیوانگی ، جذام ، اِفلاس اور بڑھاپے کی معذوری سے محفوظ رکھے گا۔

اس نے کہا : یارسول اللہؐ ! یہ تو دنیا کے لیے ہوا ، آخرت کے لیے کیا کروں ؟

آپ نے فرمایا : ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرو :

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِكَ.

امام فرماتے ہیں کہ اس شخص نے یہ دعائیں سن کر مٹھی بند کرلی اور چلا گیا۔ کسی نے ابن عباس سے کہا: تمھارے ماموں نے تو وہ دعائیں اپنی مٹھی میں خوب بند کرلیں۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اگر وہ قیامت میں اس طرح آیا کہ اس نے ان دعاؤں کو دانستہ کبھی نہ چھوڑا ہو تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کیلئے جنّت کے دروازوں میں سے آٹھ دروازے کھول دے گا کہ جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔

(تہذیب الاحکام جلد ۲ صفحہ ۱۰۶ - ۱۰۷ حدیث ۴۰۴)

کافی میں ہے کہ محمد بن فَرَج کہتے ہیں کہ امام محمد تقی علیہ السلام نے یہ دعا مجھے لکھ کر بھیجی اور فرمایا کہ جو اسے فجر کی نماز کے بعد پڑھے گا خداوندِ عالم اس کی ہر حاجت کو پورا اور ہر مشکل کو آسان کرے گا:

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ. وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ فَوَقٰـہُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِ مَا مَکَرُوْا. لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ. حَسْبُنَا اللّٰہُ

وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ. مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا مَاشَآءَ النَّاسُ. مَاشَآءَ اللّٰهُ وَاِنْ كَرِهَ النَّاسُ. حَسْبِيَ الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِيْنَ حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ. حَسْبِيَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِيْنَ. حَسْبِيَ الَّذِيْ لَمْ يَزَلْ حَسْبِيْ مُنْذُ قَطُّ. حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

(اصول کافی جلد ۲ صفحہ ۵۴۷-۵۴۸ حدیث ۶ - من لا یحضرہ الفقیہ جلد ۱ صفحہ ۲۱۴ حدیث ۹۵۹)

مسمع کردین سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا: میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ چالیس دن تک صبح کی نماز پڑھی - آپ نماز سے فارغ ہونے کے بعد آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ. اَللّٰهُمَّ اِنَّا عَبِيْدُكَ وَاَبْنَآءُ عَبِيْدِكَ. اَللّٰهُمَّ فَاحْفَظْنَا مِنْ حَيْثُ نَحْتَفِظُ وَمِنْ حَيْثُ لَا نَحْتَفِظُ. اَللّٰهُمَّ احْرُسْنَا مِنْ حَيْثُ نَحْتَرِسُ وَمِنْ حَيْثُ لَا نَحْتَرِسُ. اَللّٰهُمَّ اسْتُرْنَا مِنْ حَيْثُ نَسْتَتِرُ وَمِنْ حَيْثُ لَا نَسْتَتِرُ

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنَا بِالْغِنٰی وَالْعَافِیَۃِ. اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا الْعَافِیَۃَ وَدَوَامَ الْعَافِیَۃِ وَارْزُقْنَا الشُّکْرَ عَلَی الْعَافِیَۃِ.

(من لایحضرہ الفقیہ جلد ا صفحہ ۲۲۳ حدیث ۵ - مکارم الاخلاق صفحہ ۲۷۷)

تعقیباتِ نمازِ ظہر

شیخ صدوق رح کی کتاب التوحید میں "دعائے اہل بیتِ المعمور" کے عنوان سے رسول اکرم ص سے روایت ہے کہ یہ دُعا لے کر جبریل نازل ہوئے تو بہت خُوش تھے اور ہنس رہے تھے۔ جبریل نے کہا: اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّدُ - آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا جَبْرَئِیْلُ - جبریل نے کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک تحفہ بھیجا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے پوچھا کیا ہے وہ تحفہ؟ جبریل نے جواب دیا: عرش کے خزانوں میں سے کچھ الفاظ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو نوازا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کہا: جبریل وہ الفاظ کیا ہیں؟ جبریل نے کہا: یُوں کہیے:

یَا مَنْ اَظْھَرَ الْجَمِیْلَ وَسَتَرَ الْقَبِیْحَ یَا مَنْ لَّمْ یُؤَاخِذْ بِالْجَرِیْرَۃِ وَلَمْ یَھْتِکِ السِّتْرَ یَا عَظِیْمَ الْعَفْوِ یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ

يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى وَيَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى يَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ يَا كَرِيمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيمَ الْمَنِّ يَا مُبْتَدِئًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا يَا رَبَّنَا وَيَا سَيِّدَنَا وَيَا مَوْلَانَا وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَا تُشَوِّهَ خَلْقِيْ بِالنَّارِ ۔ (شیخ صدوق کتاب التوحید صفحہ ۲۲۱-۲۲۳)

تعقیباتِ نمازِ عصر

اصولِ کافی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہر روز ستر دفعہ اِستغفار کیا کرتے تھے اور ستر دفعہ اللہ سے توبہ کیا کرتے تھے۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے امامؑ سے پوچھا: کیا یُوں کہا کرتے تھے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ؟ امام نے فرمایا:

سے محفوظ رہے گا۔

ایضاً" جو شخص قبل طلوع آفتاب تین بار ناد علی پڑھے تو نظر بد سے امن میں رہے گا۔

(۱۴) حصول دولت کے لیے اگر کوئی شخص ہر صبح تین روز تک جب نیند سے بیدار ہو تو کسی سے بات کئے بغیر ناوے مرتبہ ناد علیؑ پڑھا کرے تو وہ غنی و مالدار ہو گا۔

(۱۵) دشمنوں سے نجات کے لیے اگر کوئی شخص دشمنوں سے خائف ہو اور دشمنوں کے درمیان پھنس گیا ہو اور مارے جانے کا ڈر ہو تو ایک مٹھی پاک مٹی پر ناد علی سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور ان کی طرف ہوا میں اڑا دے تو بحکم خدا ان کا کوئی ضرر اس کو نہ پہنچے گا اور ان سے نجات پائے گا۔

ایضاً" اگر کسی شخص کے دشمن زیادہ ہوں تو وہ ہر صبح ستر مرتبہ ناد علی پڑھا کرے تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں پر قہر نازل ہو گا۔

ایضاً" ستر روز تک ہر روز ڈیڑھ سو مرتبہ ناد علی پڑھنے سے دشمن مطیع ہوں گے۔

ایضاً" اگر کسی شخص کو ضرورت ہو تو ستر مرتبہ ناد علی پڑھنے سے دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا۔

ایضاً" دس روز تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ ناد علی پڑھنے سے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

ایضاً" ہر روز ستر مرتبہ پڑھنے سے خبیثوں اور حاسدوں پر قہر نازل ہو گا۔

(۱۶) دشمنوں کے مطیع ہونے کے لیے اگر کوئی شخص ہمیشہ ناد علی پڑھا کرے تو اس کے دشمن مطیع و فرمانبردار ہوں گے اور اس سے ڈریں گے۔

(۱۷) دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے اگر کوئی شخص ایک ہزار ساٹھ مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی اپنے دشمن کو پلائے تو خدا کی قدرت سے دشمن کوئی وار نہ کر سکے گا۔

ایضاً" چہار شنبہ کے روز تینتیس مرتبہ پڑھ کر مٹی پر دم کرے اور وہ اپنے دشمن پر ڈالے تو دشمن مقہور ہو گا۔

ایضاً" اگر کسی شخص کو دشمنوں کا خوف ہو تو وہ ہمیشہ ناد علی پڑھا کرے۔ دشمن جلد مقہور ہوں گے۔

ایضاً" اگر کسی کو دشمنوں میں جانے کی ضرورت ہو تو تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے جائے تو کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

ایضاً" اگر دشمن کسی کی خرابی کے در پے ہوں تو سات مرتبہ سات قسم کی مٹی پر پڑھ کر دشمن کے آگے ڈال دی جائے تو دشمن مقہور ہوں گے۔

(۱۸) دشمنون کی نابودی کے لیے اگر کوئی شخص دشمنوں کو مقہور کرنا چاہتا ہو تو پندرہ روز تک ہر روز پانچ مرتبہ ناد علی پڑھ کر دشمنوں کے گھر کی طرف پھونک دے انشاء اللہ وہ نابود ہوں گے۔

(۱۹) دوستی کے لیے اگر کوئی شخص جمعہ کے روز پہلی ساعت میں چھیالیس مرتبہ ناد علی پڑھ کر جس کسی سے بات کرے گا وہ دوست ہو جائے گا اگرچہ دشمن

ہو۔

(۲۰) **برائے دفع تہمت** اگر کسی شخص پر کسی نے تہمت لگائی ہو تو ہر روز چالیس مرتبہ ناد علی پڑھے تو وہ تہمت سے نجات پائے گا اور تمام خلائق میں وہ نیک نام ہو گا۔

(۲۱) **بے خوابی کے لیے** اگر کسی کو بے خوابی ہوتی ہو تو نماز جمعہ کے بعد پندرہ مرتبہ پڑھنے سے اس کی بے خوابی دور ہو گی۔

(۲۲) **رنج و غم کے دور ہونے کے لیے** اگر کوئی شخص رنج و غم کے دفع ہونے کے لئے ہر روز ایک سو دس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے گا تو اس کے رنج و غم دور ہوں گے۔

ایضاً" اگر کسی شخص کو کوئی سخت مہم درپیش ہو یا غم و الم میں مبتلا ہو تو وہ ناد علی کو ہزار مرتبہ غم و الم کے دفع ہونے کی نیت سے پڑھے تو بالضرور اس کا غم و الم خوشی کے ساتھ بدل جائے گا۔

(۲۳) **دولت و حشمت کے حصول کے لیے** اگر کوئی شخص حصول دولت و حشمت کے لیے ڈیڑھ ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کو دولت و حشمت حاصل ہو گی۔

(۲۴) **عزت و رفعت کے لیے** روزانہ اٹھارہ مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے جاہ و رفعت زیادہ ہوتی ہے۔

ایضاً" اگر کوئی شخص اپنی عزت و حرمت کے لیے پانچ سو مرتبہ ناد علی پڑھے گا تو ضرور وہ صاحب عزت اور خلائق کے نزدیک محترم ہو گا اور ہر شخص ادب سے پیش

آئے گا۔

ایضاً" اگر کوئی شخص اپنے درجات کی ترقی کی لیے چھ روز تک سو سو مرتبہ ناد علی پڑھے گا تو اس کا مقصد پورا ہو گا۔

(۲۵) **کامیابی کے لیے** کاموں میں کامیابی کے لیے پانچ روز تک ہر روز چار سو مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے انشا اللہ کامیابی ہو گی۔

(۲۶) **برائے عزت و شوکت** عزت و شوکت کے حصول کے لیے ہر روز دس مرتبہ ناد علی کو پڑھنا چاہیے۔

ایضاً" ہر روز ایک سو مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے حکام کی نظر میں عزت ہو گی۔

(۲۷) **حکام کی نظر میں عزت کے لیے** اگر کوئی شخص بادشاہ کے غصے سے ڈرتا ہو تو اس کے پاس جانے سے پہلے ستر مرتبہ ناد علی کو پڑھے اور جب اس کے سامنے جائے تو تین مرتبہ ناد علی پڑھے بادشاہ کا غصہ مہربانی سے بدل جائے گا۔

ایضاً" جب بادشاہ یا حاکم غصہ میں بھرا ہوا ہو اگر اس کے سامنے سات مرتبہ آہستہ آہستہ ناد علی پڑھے تو وہ مہربان ہو گا۔

ایضاً" اگر کسی شخص سے حاکم ناراض ہو گیا ہو تو وہ حاکم کے روبرو تین مرتبہ ناد علی پڑھے خدا نے چاہا تو وہ مہربان ہو گا۔

(۲۸) **برائے مقبولیت کلام قاصد** اگر کسی کے ذریعے کوئی پیغام بھیجنا ہو تو تین مرتبہ اس کے کان میں ناد علی پڑھے اس کا قول ہر جگہ مقبول ہو گا اور اس کا ہر کام پورا ہو گا۔

ایضاً" کسی کام پر قائم رہنے کے لیے ہر روز دس مرتبہ نادِ علی کو پڑھا جائے تو وہ ثابت قدم رہے گا۔

(۲۹) برائے حب اگر کوئی شخص ہر روز ناد علی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو ہر شخص اس کو دوست رکھے گا۔

ایضاً" اگر کوئی شخص جمعہ کی پہلی ساعت میں سینتالیس مرتبہ ناد علی پڑھ کر جس کے ساتھ بات کرے گا وہ اس سے محبت کرے گا اگرچہ دشمن ہی کیوں نہ ہو۔

ایضاً" اگر کوئی سو مرتبہ پاک مٹی پر پڑھ کر دم کرے اور جس شخص کے نام سے بہتے پانی میں ڈالے تو وہ دوست ہو جائے گا۔

ایضاً" انگور یا کشمش پر سات سو مرتبہ دم کر کے جس کو کھلائے تو وہ اس کی محبت میں عاشق و دیوانہ ہو گا۔

ایضاً" زوجہ جمعہ کے روز سینتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے پر دم کرے اور اپنے شوہر سے بات کرے تو وہ محبت سے بے قرار ہو گا۔

ایضاً" اگر کوئی کسی پر عاشق ہو تو جمعہ کی پہلی ساعت میں ستر بار خوشبو پر پڑھ کر اپنے معشوق کو دے اور وہ اس خوشبو کو لگائے تو اس کی محبت میں مبتلا ہو گا۔

(۳۰) برائے عداوت دو اشخاص میں دشمنی ڈالنے کی نیت سے دس روز تک ہر روز پانچ مرتبہ ناد علی پڑھے تو ان میں عداوت پیدا ہو گی۔

ایضاً" اگر کوئی شخص دو اشخاص کے درمیان عداوت ڈالنے کی نیت سے آٹھ روز تک ہر روز بیس مرتبہ پڑھے گا تو ان میں عداوت پیدا ہو گی۔

ایضاً" دو اشخاص میں عداوت ڈالنے چوراہے کی مٹی پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر ان پر ڈالے تو وہ ایک دوسرے سے جدا ہوں گے۔

(۳۱) زبان بندی مخالفین دس روز تک ہر روز دس مرتبہ نادعلی پڑھنے سے بدگو کی زبان بند ہو جائے گی۔

(۳۲) دشمنوں کی ہلاکت و بربادی کے لیے دشمن کی بربادی کے لیے ہر روز بیس مرتبہ نادعلی پڑھنے سے دشمن کا گھر خراب ہو گا۔

ایضاً" منافقین اور ظالموں کی ذلت و خواری کے لیے ہر روز صبح ڈیڑھ سو مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے وہ ذلیل و خوار ہوں گے۔

ایضاً" دشمنوں کے دفع ہونے اور مخالفوں کے متفرق ہونے کے لیے ہر روز پچیس مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے وہ مقہور ہوں گے۔

ایضاً" اگر کسی کو دشمنوں کا خوف ہو تو وہ نادعلی کو ہمیشہ پڑھے تو دشمن بہت جلد مقہور ہوں گے۔

ایضاً" ہر روز پچیس مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے مخالفین کا خوف و ہراس دل سے دور ہو گا۔

ایضاً" دشمن کو ہلاک کرنے یا بیمار ڈالنے کے لیے کھڑے رہ کر ایک خط کھینچے اور اس خط پر ایک سو مرتبہ نادعلی اس دشمن کے نام سے پڑھے تو وہ ضرور بیمار ہو گا۔

ایضاً" دشمن کی ہلاکت کے لیے سات روز تک ہر روز ستر مرتبہ نادعلی پڑھے تو ضرور اس کی ہلاکت واقع ہو گی۔

ایضاً" اگر کوئی شخص اپنے دشمن کی منتقلی و آوارگی اس کے گھر سے چاہتا ہو تو تین روز تک ہر روز بیس مرتبہ ناد علی پڑھے۔ دشمن دفع ہو گا۔

ایضاً" اعداء کے مجمع کی پریشانی کے لیے تیس روز ہر روز پچیس مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے مجمع پریشان و متفرق ہو گا۔

ایضاً" اگر کوئی شخص اعدا کے مقہور ہونے کے لیے پانچ روز ہر روز ایک سو مرتبہ ناد علی پڑھے گا تو اعداء مقہور ہوں گے۔

ایضاً" اگر کوئی اپنے دشمنوں کو ذلیل و خوار کرنا چاہتا ہو تو چھ روز ہر روز ایک سو مرتبہ پڑھے اس کے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔

ایضاً" دشمن کے دفع ہونے اور دولت و اقبال و فتح پانے کے لیے ہر روز پانچ سو مرتبہ ناد علی پڑھے تو وہ اپنی مراد کو پہنچے گا۔

ایضاً" دشمنوں کے شر و ضرر کے دفع ہونے کے لیے دس روز تک ستر مرتبہ ناد علی پڑھنے سے ان کے شر و ضرر سے امن میں رہے گا۔

ایضاً" دشمن کے قتل ہونے کی نیت سے ایک ہفتہ ہر روز ستر مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے دشمن قتل کیا جائے گا۔

ایضاً" دشمن کو گھر سے نکالنے کے مقصد سے تیس روز ہر روز تیس مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے دشمن گھر سے نکل جائے گا۔

ایضاً" مخالفت کے دور ہونے کی نیت سے تیس روز تک ہر روز پچیس مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے مخالفت دور ہو گی۔

ایضاً" دشمنوں پر قہر نازل ہونے کی نیت سے پانچ روز ہر روز سو مرتبہ ناد علی کے ورد سے دشمنوں پر قہر نازل ہو گا۔

ایضاً" روزانہ سو مرتبہ ہم چشموں کی خرابی کے لیے ناد علی کے پڑھنے سے وہ ذلیل و خوار ہوں گے۔

ایضاً" اگر دشمنوں کی خرابی کے لیے ستر روز ہر روز ڈیڑھ سو مرتبہ ناد علی کو پڑھا جائے تو دشمن برباد ہوں گے۔

ایضاً" اگر کوئی شخص دشمنوں سے پوشیدہ ہونے کی نیت سے ضرورت کے وقت ستر مرتبہ ناد علی کو پڑھے تو ضرور دشمنوں سے پوشیدہ ہو گا۔

(۳۳) **برائے شجاعت و دلاوری** شجاعت و دلاوری کی زیادتی کی نیت سے بیس روز تک ہر روز پچاس مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے شجاعت میں زیادتی ہو گی۔

(۳۴) **خوف سے نجات کے لیے** ہر روز پچاس مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے دل سے خوف و ہراس دور ہوتا ہے۔

(۳۵) **برائے فتحیابی** فتح یابی کے لیے پانچ روز ہر روز چار سو مرتبہ ناد علی کو پڑھنے سے فتح یابی حاصل ہوتی ہے۔

ایضاً" ہر صبح ستر بار ناد علی کے پڑھنے سے فتح پائے گا اور مخالفین دور ہوں گے۔

ایضاً" اگر کسی کو کوئی مشکل کام در پیش ہو یا کسی غم میں مبتلا ہو تو ہزار مرتبہ ناد علی پڑھے اس کے مشکل کام آسان ہو جائیں گے اور اس کا غم و الم خوشی میں بدل جائے گا۔

(۳۶) برائے حصول مقصد حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مشکل کام کے لیے صدق دل سے ناد علی کو پڑھے گا تو اس کا مقصد پورا ہو گا۔

ایضاً" اگر کوئی شخص گھر سے باہر جاتے وقت ایک مرتبہ جس نیت سے ناد علی پڑھے گا تو وہ اپنے کام میں فتح یاب ہو گا۔

ایضاً" ظہر کے وقت جس مقصد کے لیے چار مرتبہ ناد علی پڑھی جائے تو وہ مقصد پورا ہوتا ہے۔

(۳۷) قضائے حاجت اگر کوئی بعد غسل لباس پاک و صاف پہن کر خوشبو لگائے اور دو رکعت نماز قاضی الحاجت کی درگاہ میں بجا لائے اور بخور جلا کر ایک ہزار اٹھارہ مرتبہ ناد علی پڑھے اور سجدے میں جا کر خداوندے عالم سے اپنی حاجت طلب کرے تو اسی وقت بطفیل ناد علی اس کی حاجت پوری ہو گی۔

ایضاً" ہفتہ کے روز غسل کر کے دو رکعت نماز ادا کی جائے اور بارہ مرتبہ ناد علی پڑھ کر مسجد میں جا کر دعا کرنے سے حاجت پوری ہو گی۔

ایضاً" ہفتہ کے روز غسل کر کے دو رکعت نماز ادا کی جائے اور بارہ مرتبہ ناد علی پڑھ کر مسجد میں جا کر دعا کرنے سے حاجت پوری ہو گی۔

ایضاً" حصول مراد کی نیت سے ہر روز چوبیس مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے مراد پوری ہو گی۔

ایضاً" امور مشکلات کے آسان ہونے کی نیت سے ہر روز ایک سو ساٹھ مر

نادعلی کے پڑھنے سے تمام مشکلات آسان ہوں گی۔

ایضاً" حاجتوں کے بر آنے اور مشکلات کے حل ہونے کی نیت سے ہر روز ایک سو ستر مرتبہ بارہ روز تک نادعلی پڑھنے سے حاجتیں پوری ہوں گی۔

(۳۸) قید سے رہائی کے لیے کسی قیدی کی رہائی کے لیے ہر روز ایک سو ساٹھ مرتبہ نادعلی پڑھنے سے ضرور رہائی حاصل ہو گی۔

ایضاً" اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو تو وہ ہر روز گیارہ سو مرتبہ نادعلی پڑھے تو قید سے رہا ہو گا۔

(۳۹) برائے سلامتی مسافرت جو شخص سفر کرنا چاہتا ہو تو پہلے غسل کر کے دو رکعت نماز بجالائے اور نادعلی بارہ مرتبہ پڑھ کر سفر پر جائے تو خدا کے فضل سے وہ سلامتی کے ساتھ اپنے گھر واپس آئے گا۔

ایضاً" مسافر کے سلامت واپس آنے کی نیت سے اگر ہر روز سات مرتبہ نادعلی کو پڑھا جائے تو وہ سلامتی کے ساتھ واپس آئے گا۔

(۴۰) وسعت رزق کے لیے حصول دولت و رزق اور فارغ البالی کے لیے بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اتوار کے روز نیک ساعت میں ابتدا کرے اور ہر روز اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک برابر وقت پر نادعلی پڑھا کرے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ اَللّٰھُمَّ فرج ھمی و اکشف عنمی یا غیاث المستغیثین یا دلیل المتحرین یا غوث یا غوث یا غوث واقفنی جلجاتی بحق قرن کلیم و بحق نبی الکریم و ولیک ولد المعصومین اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰل

معظمہ

(۴۱) **حصول سعادت دینی و دنیاوی** سعادت و مقاصد دینی و دنیاوی کے حاصل ہونے کے لیے ستر روز تک ہر روز بارہ مرتبہ ناد علی پڑھنی چاہیے۔

(۴۲) **برائے تسخیر قلوب** دینی و دنیاوی مطالب اور تسخیر قلوب کے لیے ایک ہزار مرتبہ دس روز تک پڑھنے سے ضرور مطلب پورا ہو گا۔

(۴۳) **وسعت رزق کے لیے** اگر کوئی توسیع رزق و مرتبہ کے بلندی کی نیت سے بصدق دل ہر روز صبح کے وقت پڑھے گا تو اس کے رزق میں ترقی ہو گی۔

(۴۴) **برائے بلندی مراتب** جو شخص ہر صبح اٹھارہ مرتبہ ناد علی پڑھے گا تو اس کا مرتبہ بلند ہو گا۔

(۴۵) **حصول اولاد کے لیے** اگر کسی عورت کو فرزند نہ ہوتا ہو تو کاسہ چینی پر زعفران و گلاب سے ناد علی لکھ کر بارش کے پانی یا پاک پانی سے دھو کر پلائیں تو بحکم خدا اس کو فرزند عطا ہو گا۔

(۴۶) **حصول مقاصد کے لیے** مقاصد دینی دنیاوی و حصول سعادت کی نیت سے اگر کوئی شخص اٹھارہ روز تک ہر روز پچیس مرتبہ ناد علی پڑھے تو وہ فیض یاب ہو گا۔

ایضاً اگر کوئی شخص ناد علی ہمیشہ پڑھا کرے گا تو وہ کبھی بدی نہ دیکھے گا اور جو حاجت خدا سے چاہے گا وہ پوری ہو گی۔

(۴۷) **قید سے رہائی کے لیے** اگر کوئی ایسی جگہ گرفتار ہو گیا ہو کہ جہاں

سے رہائی کی امید نہ ہو تو سات مرتبہ خاک پر ناد علی پڑھ کر ان لوگوں کی طرف پھینکے کہ جنہوں نے گرفتار کیا ہے پس اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

(۴۸) خوف سے نجات کے لیے جس کسی کو دشمنوں سے خوف ہو وہ ہر روز ناد علی ستائیس مرتبہ پڑھا کرے اس کے دشمن مقہور ہوں گے۔

(۴۹) رد سحر اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو اس کے لیے سات کنوؤں کا پانی لے کر اس پانی پر ناد علی کو سات مرتبہ پڑھ کر اس پانی سے سحر زدہ کو غسل کرائیں اور اس کو پلائیں سحر باطل ہو گا۔

(۵۰) زہر کے اثر کے لیے اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو تو ناد علی کو مشک و زعفران سے چینی کے برتن پر لکھے اور اس پر ناد علی کو اکیس بار پڑھے اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے زہر کارگر نہ ہو گا۔

(۵۱) لاعلاج مریض کے لیے اگر کوئی ایسا بیمار ہو کہ طبیب اس کا علاج کرنے سے عاجز ہو تو اٹھارہ مرتبہ پانی پر ناد علی دم کر کے اس کو پلائیں شفا ہو گی۔

(۵۲) رنج و غم کے دور ہونے کے لیے اگر کسی کو مہم در پیش ہو یا کوئی رنج ہو ہزار مرتبہ ناد علی پڑھے غم اس کا خوشی میں بدل جائے گا۔

(۵۳) دوستی کے لیے اگر کسی سے کوئی ناراض ہو گیا ہو پس وہ اکہتر مرتبہ ناد علی کو پڑھ کر اس شخص کے پاس جائے اور تین بار اپنے اوپر پڑھے بحکم خدا اس کا غصہ خوشی سے بدل جائے گا۔

ایضاً کوئی اول ساعت جمعہ میں بارہ مرتبہ ناد علی کو پڑھ کر جس سے ملاقات کرے گا وہ اس کا دوست ہو جائے گا۔

(۵۴) **دفع تہمت کے لیے** اگر کسی پر کوئی تہمت لگائی گئی ہو تو وہ ہر روز چالیس مرتبہ ناد علی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو اس سے تہمت دفع ہو گی۔

(۵۵) **بے خوابی کے لیے** بے خوابی کے لیے قبل نماز جمعہ پچیس مرتبہ ناد علی پڑھنے سے بے خوابی دور ہو گی۔

(۵۶) **وسعت رزق کے لیے** غنی ہونے کے واسطے صبح اور شام کے وقت بارہ بارہ مرتبہ ناد علی پڑھنے سے غنی و بے نیاز ہو گا۔

ایضاً زیادتی دولت و حشمت کے لئے ہر روز اکیس مرتبہ ناد علی کا ورد کرنا چاہیے۔

(۵۷) **اعداء پر فتح کے لیے** انفباء اعداء کے لیے ہر روز سترہ مرتبہ ناد علی پڑھنے سے اعداء پر ظفر پائے گا۔

(۵۸) **دشمنوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہونے کے لیے** اگر کوئی وقت ضرورت دشمنوں سے پوشیدہ ہونا چاہے تو اٹھارہ مرتبہ ناد علی پڑھے دشمنوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہو گا۔

(۵۹) **زبان بندی اعداء کے لیے** زبان بندی اعداء کے واسطے دس دن ہر روز دس بار ناد علی پڑھنے سے اعداء کی زبان اس پر بند ہو گی۔

(۶۰) **حصول مراد کے لیے** ہر روز چھتیس مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے مراد پوری ہو گی۔

(۶۱) **شفائے امراض** شفائے امراض کے لیے ہر روز ستائیس مرتبہ ناد علی

پڑھنے سے شفا ہو گی۔

(۶۲) **نظر بد اور زبان بندی** نظر بد اور زبان بندی کے لیے تین دن ہر روز بیس بار ناد علی پڑھنے سے چشم حاسدان اور زبان بدگویاں سے امن میں رہے گا۔

(۶۳) **خزانوں کا ظاہر ہونا** خزانوں کے ظاہر ہونے کے لیے چالیس روز تک ہر روز چالیس مرتبہ ناد علی پڑھنے سے اس پر خزانے ظاہر ہوں گے اور اگر رات کو سوتے وقت پڑھے تو خواب میں خزانے کی جگہ کو دیکھے گا۔

(۶۴) **زیارت رسولؐ خدا** رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھنے کے لیے ہر روز سات مرتبہ ناد علی پڑھے انشاء اللہ زیارت نصیب ہو گی۔

(۶۵) **قید سے رہائی** سات روز تک ہر روز سولہ مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے رہائی حاصل ہو گی۔

(۶۶) **قضائے مہمات** مہمات کے بر آنے کے واسطے ہر روز پندرہ مرتبہ ناد علی پڑھنی چاہیے۔

(۶۷) **کشف اسرار و غیب** اسرار و غیوب کے ظاہر ہونے کے لیے چالیس روز تک ہر روز سولہ مرتبہ ناد علی پڑھنے سے علم لدنی منکشف ہوں گے۔

(۶۸) **ہلاکت دشمن** دشمنوں کے دفع ہونے اور ان کی ہلاکت کے لیے آٹھ روز تک ہر روز سترہ مرتبہ ناد علی کو پڑھے۔

(۶۹) **دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے** دشمنوں سے محفوظ

۷۸۶

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۳۴	۱۱۳۶

بعض مجربہ ختوم

ختم یا علی ایک ہی نشست میں بارہ ہزار مرتبہ کہے ہر کام کے لیے تیر بہدف ہے۔

ادائے قرض کے لیے بارہ ہزار مرتبہ اور وسعت رزق کے لیے ہزار مرتبہ **یاقَوِیُّ یا غَنِیُّ یا علیُّ یا دَانِیُّ** پڑھے

ہر مشکل کام کے لیے تین رات متواتر خلوت میں بیٹھ کر ہر شب ایک ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھے نہایت مجرب ہے۔

اِلٰھی الٰھی قد انقطع رجائی عن الخلق وانت رجائی

اس کے لیے شرط یہ ہے کہ طیب و طاہر اور جائز کام کے لیے ہو اور سب سے ناامید ہو انشاء اللہ عجیب تاثیر ہو گی۔

مُناجات

قاضی الحاجات کے دربار میں!
از قلم رقم سید محسن نقوی ایم۔اے ذاکر حسینؑ

اے خالق آفاق و خداوند سماوات
اے واقفِ اسرار نباتات و جمادات
اے صاحب اعجاز و کرامات و کمالات
اے غافر و اے ساتر و اے قاضی حاجات
آیا ہوں ہر اک در سے کئی ٹھوکریں کھا کر
حسنینؑ کا صدقہ مری حاجت کبھی روا کر

یارب یہ غنیمت ہے کہ میں جی تو رہا ہوں
لیکن بڑی مدت سے مصیبت میں گھرا ہوں
گو پیکر عصیاں ہوں خطاکار بڑا ہوں!
لیکن تو کرم کر کہ میں بندہ تو ترا ہوں

میں تیرا گدا اگر ہوں تجھے رزق عطا کر
حسنین ؑ کا صدقہ میری حاجت بھی روا کر

یارب! تیری بخشش، تیری رحمت کی قسم ہے
نبیوں کے شہنشاہ کی رسالتؐ کی قسم ہے
محتاج ہوں، مفلس ہوں حقیقت کی قسم ہے
مقروض بہت ہوں تیری عظمت کی قسم ہے
ہر قرض میرا اپنے خزانے سے ادا کر
حسنین ؑ کا صدقہ میری حاجت بھی روا کر

جب سب سے تیری ذات ہے عالی میرے مولا
کونین کا تنہا تو ہے والی میرے مولا!

جب میں ہوں ترے در کا سوالی میرے مولا
پھر کیوں کہوں کشکول ہے خالی میرے مولا
نزدیک رگِ جاں ہے میرے دکھ کی دوا کر
حسنین ؑ کا صدقہ مری حاجت بھی روا کر

تو نے تو یتیموں کو نبوت بھی عطا کی
چاہا تو فقیروں کو ولایت بھی عطا کی
کمزور اسیروں کو حکومت بھی عطا کی
میدان میں نادار کو نصرت بھی عطا کی

خورشید کا ہمسر کیا ذرّے کو بڑھا کر
ثقلینؑ کا صدقہ مری حاجت بھی روا کر

خلّاق ازل، حیدر کرارؑ کا صدقہ
میدان کے حسینؑ قافلہ سالار کا صدقہ
ادراک میں وسعت دے علمدار کا صدقہ
صحت دے مجھے عابد بیمار کا صدقہ

عمرانؑ کی مودت کا صلہ مجھ کو عطا کر
ثقلینؑ کا صدقہ میری حاجت بھی روا کر

مولا میری بگڑی ہوئی تقدیر بنا دے
آنکھوں کو کبھی روضۂ مظلوم دکھا دے
سوئی ہوئی قسمت کو اسی وقت جگا دے
جُز ماتمِ شبیرؑ ہر اک درد بھلا دے

یہ غم ہے بڑا اس کو تو اب دور بنا کر
حسنینؑ کا صدقہ مری حاجت کبھی روا کر

فریاد ہے فریاد ہے سلطان مدینہ!
ساحل ہے بہت دور بھنور میں ہے سفینہ
زخموں سے ہے چھلنی ترے محتاج کا سینہ
اس وقت کہاں یاد دعاؤں کا قرینہ

بیٹھا ہوں فقط نادِ علیؑ لب پہ سجا کر
حسنینؑ کا صدقہ مری حاجت کبھی روا کر

اے خالقِ اکبر مرا غم خوار بنے کون؟
میرا نہیں پھر میں خریدار بنے کون؟
میں تجھ بھی نہیں میرا طلبگار بنے کون؟
جز حیدرِ کرار مددگار بنے کون؟
اے حیدرِ کرارؑ ذرا سامنے آکر
حسنینؑ کا صدقہ مری حاجت کبھی روا کر

خالق تری بخشش کو اگر چاہیئے حیلہ
آمین کہے ئی بنی ہاشمؑ کی عقیلہؑ
میں بھی ترے دربار میں لایا ہوں وسیلہ
شاہد ہے مرا فاطمہ زہراؑ کا قبیلہ
اس نام کی برکت سے کرم اور سوا کر
حسنینؑ کا صدقہ مری حاجت بھی روا کر

خالق تجھے اکبرؑ کی جوانی کی قسم ہے
مظلوم کے اشکوں کی روانی کی قسم ہے
"سادات" کی پُر درد کہانی کی قسم ہے
طوقِ علی عابدؑ کی گرانی کی قسم ہے
بے جرم اسیروں کو بھی زنداں سے رہا کر
حسنینؑ کا صدقہ مری حاجت بھی روا کر

خالق تیری رحمت کا نہیں کوئی کنارا !
میں کیا ہوں کہ سبھی نے تجھے مشکل میں پکارا
بگڑی ہوئی قسمت کو سدا تو نے سنوارا
میں باقرؑ و صادقؑ کو بنا تا ہوں سہارا

کاظمؑ کے وسیلے سے ہی خیرات عطا کر
حسنینؑ کا صدقہ میری حاجت بھی روا کر

سنتا ہوں تو سرکار رضا سے ہے رضا مند
لایا ہوں وسیلہ میں ترا عسکری ہر چند
کہتے ہیں نقیؑ اور تقیؑ سے ہے تو خورسند
پھر کیوں تری بخشش کا میرے دل پہ ہو در بند

رحمت کا ہر باب میرے واسطے وا کر
حسنینؑ کا صدقہ میری حاجت بھی روا کر

یارب میرا وارث میری نظروں سے ہے غائب
بڑھتے چلے جاتے ہیں شب و روز مصائب
کر مجھ پہ کسی روز تو اظہار عجائب
عصیاں سے گریزاں ہوں میں ہر جرم سے تائب
محسنؑ کا تو محسن ہے تو منظور دعا کر
حسنینؑ کا صدقہ میری حاجت بھی روا کر

زیارتِ جنابِ سیّدہ

اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا سَیِّدَةَ نِسَاءِ الْعٰلَمِیْنَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا وَالِدَةَ الْحُجَجِ عَلَی النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ اَیَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ الْمَمْنُوْعَةُ حَقُّهَا۔

دُعائے
ہفت ہیکل

روایت ہے کہ ایک روز حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم مدینہ منوّرہ کی مسجد میں بیٹھے تھے کہ اتنے میں حضرت جبرئیل علیہ السّلام نازل ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم! خدائے تعالیٰ بعد تحفۂ درود وسلام کے ارشاد فرماتا ہے کہ اے میرے حبیب! میں یہ سات دعائیں یعنی ہفت ہیکل کو تمھارے پاس بھیجتا ہوں جو کوئی اس پر ایمان نہ لائے گا وہ گنہگار ہوگا، اور جو کوئی اس ہفت ہیکل کو ہر روز پڑھے گا یا اپنے پاس رکھے گا تو حق تعالیٰ اس کو اور اُس کے ماں باپ کو عذابِ دوزخ سے آزاد کرے گا۔ یا محمدؐ! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم! جس گھر میں یہ ہفت ہیکل ہوگا اُس میں دیو، پری وغیرہ کا دخل نہ ہوگا اور جو کوئی اس ہفت ہیکل کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ مرگِ

مفاجات اور وبار سے امن و امان میں رہے گا اور جو کوئی اس ہفت ہیکل کو اپنے ساتھ رکھے گا وہ ہمیشہ سُرخرو اور

اور ثواب ستّر ہزار پیغمبروں کا اور ثواب چاروں ملک مقربانِ الٰہی کا یعنی جبرائیلؑ و میکائیلؑ و اسرافیلؑ اور عزرائیل علیہم السّلام کا پائے گا۔ یا محمد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم جو کوئی اس ہفت ہیکل کو اپنے ساتھ رکھے گا ثواب حیلہ پیغمبروںؑ کا پائے گا۔

یا محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم! جو کوئی اس ہفت ہیکل کو اپنی عمر میں ایک دفعہ دیکھے گا یا اپنے ساتھ رکھے گا، خدائے تعالیٰ ثواب ستّر ہزار نیکیوں کا اس کے اعمال نامہ میں لکھے گا اور ثواب ستّر ہزار بھوکوں کو کھانا کھلانے کا پائے گا۔ اس دعا، کی برکت سے یا محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم باعزّت و آبرو رہے گا اور بر وقتِ جاں کنی سکراتِ موت اس شخص پر آسان ہوگا جو کوئی ہر روز اِس ہفت ہیکل کو پڑھے گا اور اگر پڑھنا نہ جانتا ہو تو اِس ہفت ہیکل کو اپنے ساتھ رکھے گا تو ثواب ستّر ہزار ختمِ قرآن اور ثواب ستّر ہزار شہیدوں

کا اور ثواب ستّر ہزار حج کا، اور ثواب ستّر ہزار مسجد تیار کرنے کا

اور ثواب ستّر ہزار غلام آزاد کرنے کا اور ثواب ستّر ہزار آدمیوں

کو روزہ افطار کرانے کا اور ثواب ستّر ہزار حافظوں کا اور

ثواب ستّر ہزار غازیوں کا اور ثواب ستّر ہزار حاجیوں کا، اور

ثواب ستّر ہزار عالموں کا اور ثواب ستّر ہزار عابدوں کا اور

ثواب ستّر ہزار فرشتوں کا، اور ثواب ستّر ہزار دانشمندوں کا

جو کوئی اس ہفت ہیکل کو اپنے پاس رکھے گا تو اللہ تعالیٰ

اس بندے کو چغلخوروں اور غیبت کرنے والوں سے اور

تمام آفات وبلیّات سے بچائے گا اور اگر اس پر قرض ہوگا

خدائے تعالیٰ اس کو قرض سے نجات دے گا اور اس کے

دشمنوں کو ذلیل وخوار کرے گا۔

منقول ہے کہ ایک روز کوئی شخص بغداد کے حاکم

کے پاس چوری کے الزام میں پکڑا گیا، حاکم نے اس کو قتل

کیے جانے کی سزا دی۔ یہ حکم پاتے ہی جلّاد نے تلوار سنبھالی

اور اس کی طرف بڑھا۔ جب اُس کی گردن پر تلوار چلائی تو وہ کارگر

نہ ہوئی، تب اُس نے پانی میں ڈبا دینے کا حکم دیا لیکن وہ پانی

میں بھی نہ ڈوبا، پھر اُس نے آگ میں جلانے کا حکم دیا جب اُسے آگ میں ڈالا گیا تو آگ بھی اُسے نقصان نہ پہونچا سکی۔ تب حاکم نے اس سے پوچھا کہ تو کیا عمل کرتا ہے کہ کوئی چیز تجھ پر کارگر نہیں ہوتی۔ چور نے کہا کہ میرے سر میں ہفت ہیکل بندھا ہوا ہے اس کی برکت سے مجھ کو کوئی چیز یا بلا وغیرہ اثر نہیں کر سکتی۔ بادشاہ نے اس چور کو بہت سا مال و دولت دے کر چھوڑ دیا اور اس کو چوری سے باز رہنے کی اور کہا کہ میں تجھے صرف اس ہفت ہیکل کی وجہ سے چھوڑتا اور نیکی کی ہدایت کرتا ہوں پھر اس بادشاہ نے بھی ہفت ہیکل کو لکھ کر اپنے پاس رکھا۔ اس دعاءِ ہفت ہیکل کی بحد خصوصیات ہیں یہاں مختصراً تحریر کر دیا ہے۔

ہیکلِ اوّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

میں اپنی جان کو خدائے بزرگ و بلند کی پناہ میں دیتا ہوں۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

اللہ کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے (مگر وہ) جو زندہ (ہمیشہ) قائم رہنے والا

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ

اس کو نہ تو اونگھ آتی ہے اور نہ نیند ۔ اسی کے واسطے ہے

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا

کون ہے جو اس سے سفارش کرے مگر اس کے حکم و

بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ

اذن سے ۔ وہ ہر اس بات کا جاننے والا ہے جو ان کے سامنے

وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ

ہے اور ان کے قبل ہو چکا ہے اور وہ اس کے علم پر کسی چیز کا

مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ

احاطہ نہیں کر سکتے مگر وہ جسے جس قدر چاہے سکھا دے ۔ اس کی

كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ

کرسی (یعنی علم) تمام آسمانوں اور زمین کو گھیرے ہوئے (محیط) ہے

وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اور ان دونوں کی نگہداشت اس کیلئے گراں نہیں ہے اور وہ بزرگ و عالیشان ہے

هیکلِ دوم

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اُعِیۡذُ نَفۡسِیۡ بِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ۝

میں اپنی جان کو اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں جو بلند و بزرگ ہے

اِذۡ قَالَتِ امۡرَاَتُ عِمۡرٰنَ رَبِّ

جب کہا عمران کی بیوی (عورت) نے اے میرے پروردگار!

اِنِّیۡ نَذَرۡتُ لَکَ مَا فِیۡ بَطۡنِیۡ

میں نے نذر کیا تیرے واسطے جو کچھ میرے بطن (شکم) میں ہے

مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلۡ مِنِّیۡ اِنَّکَ اَنۡتَ

آزادی کے ساتھ، پس مجھ سے اس کو قبول فرما، بیشک تو (سب کچھ)

السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۝ سُنَّۃَ مَنۡ

سننے اور جاننے والا ہے۔ ان کا دستور ہے جنکو ہم نے تجھ

قَدۡ اَرۡسَلۡنَا قَبۡلَکَ مِنۡ رُّسُلِنَا

سے پہلے اپنے رسولوں میں سے

وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحۡوِیۡلًا ۝ اَقِمِ

اور نہ پائے گا تو ہمارے قانون میں تبدیلی ۔ نماز قائم

الصَّلٰوةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ اِلٰى

کہ جب سورج ڈھل جائے اندھیری رات تک

غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ

(رات ہو جانے تک) اور قرآن پڑھ فجر کے وقت

اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝

اس لیے کہ فجر کے وقت قرآن کا پڑھنا حاضر کیا گیا ہے

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً

اور رات کے کچھ حصہ میں (نماز) تہجد پڑھ یہ اس لیے ہے تاکہ

لَّكَ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ

تیرے لیے تیرا رب بہترین مقام عطا فرمائے

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ وَقُلْ رَّبِّ

(یعنی مقامِ محمود) اور کہہ اے رب

اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ

مجھے داخل فرما بہتری میں اور

اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ

نکال مجھے (برائی سے) اچھی طرح اور

اجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ

میرے لیے قرار دے۔ اپنی سرکار سے

سُلْطَانًا نَّصِيرًا ۝

غلبہ و مدد دینے والا

هَيْكَلِ سوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

أُعِيذُ نَفْسِي بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ ۝

پناہ میں دیتا ہوں میں اپنی جان کو خدائے بلند و بزرگ کے

اٰمَنَ الرَّسُولُ بِمَآ أُنْزِلَ إِلَيْهِ

پیغمبر ایمان لایا اس پر جو نازل کی گئی ہے اس کی طرف

مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُونَ ۝ كُلٌّ

اس کے رب کی طرف سے اور مومنین بھی ایمان لائے۔ ہر ایک ایمان

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ

لائے اللہ پر اور ملائیکہ پر اور اس کی کتابوں پر

وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ

اور اس کے تمام رسولوں پر (اور) ہم ان میں سے کسی ایک

مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوا سَمِعْنَا

رسول کے بارے میں کوئی فرق نہیں کرتے۔ اور انھوں نے کہا

وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ

کر سنا ہم نے اور اطاعت کی بخشش مانگتے ہیں ہم تجھ سے

اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ

اے ہمارے رب اور تیری طرف پھر آنا ہے۔ اللہ کسی کو

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ

اُس کی وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا، جو اس نے کیا ہے

وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا

وہ اسی کے لیے ہے جو کچھ کمایا ہے میں نے وہ مجھ پر ہے۔ اے رب

تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا

ہمارے! تو ہمیں نہ پکڑنا ہمارے نسیان اور خطا پر

رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا

اے ہمارے رب! ہمارے اوپر بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے ہم سے

كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

پہلوں پر رکھا تھا۔

مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

اے ہمارے رب! ہم پر وہ بار نہ ڈال

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا

جسکو ہم برداشت نہ کرسکیں اور ہم سے درگزر فرما

وَاغْفِرْ لَنَا وقفۃ وَارْحَمْنَا اَنْتَ

اور ہمیں معاف فرما ۔ اور ہم پر رحم فرما تو ہمارا

مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

آقا ہے پس ہماری مدد فرما کافروں کے

الْکٰفِرِیْنَ ○

مقابلہ میں ۔

هیکل چهارم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے ۔

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

میں اپنی جان کو پناہ میں دیتا ہوں اللہ کی جو بلند و بزرگ ہے ۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ

اور کہہ دے کہ حق آیا اور باطل گیا

الْبَاطِلُ ط اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ

اور باطل تو جانے ہی والا تھا

زَهُوْقًا ○ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

اور ہم نازل کرتے ہیں قرآن میں سے

مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

وہ چیز جو مومنین کے لیے رحمت ہے

وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا ۝

اور ظالمین کے لیے تو خسارے ہی میں اضافہ

وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ

ہوتا ہے اور جب ہم انسان پر نعمت عطا کرتے ہیں تو وہ اعراض

وَنَا بِجَانِبِهِ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

کرتا ہے۔ اور دور کر لیتا ہے اپنی کروٹ۔ اور جب کوئی برائی

كَانَ يَئُوسًا ۝ قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ

اسکو چھو بھی جاتی ہے تو وہ نا امید ہو جاتا ہے (رب سے) کہہ دے ہر عمل

عَلَىٰ شَاكِلَتِهِ فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ

اپنے طریقہ پر کرتا ہے۔ پس تمہارا رب خوب جانتا ہے اس

بِمَنْ هُوَ أَهْدَىٰ سَبِيلًا ۝ وَ

کو جو بہت ہدایت پانے والا ہے۔ اور اے

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ

رسول!) تم سے یہ لوگ سوال کرتے ہیں روح کے بارے میں، تم

الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُم

کہدو کہ روح میرے رب کا حکم ہے اور تم لوگوں کو

مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلاً ○

علم میں سے بہت کم حصہ دیا گیا ہے۔

ھیکلِ پنجم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

اُعِیْذُ نَفْسِیْ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

میں پناہ میں دیتا ہوں اپنے آپ کو اللہ کی جو بزرگ و برتر ہے۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَھَنَ الْعَظْمُ

کہا اے میرے رب بتحقیق کہ اب میری ہڈیاں (جسم کے اعضا) کمزور

مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا

ہوچکی ہیں اور میرا سر بڑھاپے کیوجہ سے جلنے لگا ہے (سفید ہوگیا)

وَلَمْ اَکُنْ بِدُعَآئِکَ رَبِّ

اور میں تجھ سے دعا مانگ کر کبھی محروم نہیں ہوا (اے رب)

شَقِیًّا ○ وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ

اور میں اپنے بعد اپنے وارثوں سے خوف کرتا ہوں

مِنْ وَّرَآئِیْ وَکَانَتِ امْرَاَتِیْ

(دین کے بارے میں) اور میری زوجہ بانجھ ہے

عَاقِرًا فَهَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ

پس مجھے اپنی بارگاہ سے ایک ولی (جانشین)

وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ

عطا فرما - جو میری اور آلِ یعقوب کی میراث کا

آلِ يَعْقُوبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ

وارث ہو اور اے رب! اسکو اپنا

رَضِيًّا ۝ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ

پسندیدہ بنا (قرار دینا) - بیشک اللہ نے اپنے رسول کو سچا

رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ

خواب دکھایا - اللہ نے اگر چاہا تو تم ضرور

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

مسجد حرام میں داخل ہو جاؤ گے امن کے ساتھ

آمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ

اپنے سروں کو منڈواتے اور کترواتے

مُقَصِّرِيْنَ لَا تَخَافُوْنَ فَعَلِمَ

ہوئے (اپنے بال سر کے) بلا خوف و خطر کے - پس اللہ

مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ

اس چیز کو جانتا ہے جسکو تم نہیں جانتے - پس قرار دیا علاوہ

فَتْحًا قَرِيْبًا

اس کے فتح قریب کو۔

هَيْكَلِ شَشم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے۔

اُعِيْذُ نَفْسِىْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ

میں اپنے نفس کو اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں جو بزرگ و برتر ہے۔

قُلْ اُوْحِىَ اِلَىَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ

(اے رسول) کہدو! میرے پاس وحی آئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے

مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا

کو جی لگا کر سنا تو کہنے لگے کہ ہم نے سنا ایک

قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِىْٓ اِلَى

عجیب قرآن جو بھلائی کی راہ دکھاتا ہے

الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ

پس ہم اس پر ایمان لے آئے۔ اور اب تو ہم ہرگز کسی کو اپنے

بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى

رب کا شریک نہ بنائیں گے اور یہ کہ ہمارے رب کی شان اعلیٰ

جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ

ہے - اس نے نہ کسی کو اپنی بیوی بنایا اور نہ اس کی کوئی

لَا وَلَدًا ۝ وَّ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ

اولاد ہے - اور یہ کہ ہم سے اللہ کے بارے میں کچھ

سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

بیوقوف لوگ لغو باتیں بکا کرتے تھے -

هَيْكَلِ هفتم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

اُعِيْذُ نَفْسِيْ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

میں اپنے نفس کو اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں وہ بزرگ و برتر ہے

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور وہ کفار کے برابر ہی ہیں جو (اے رسول)

لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا

تمہیں اپنی نظروں سے ورغلانے کی کوشش کرتے ہیں

سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ

جب ذکر کو سنتے ہیں تو کہتے ہیں کہ وہ

لَمَجْنُوْنٌ ○ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

دیوانے ہیں۔ اور وہ تو صرف نصیحت

لِّلْعٰلَمِيْنَ ○

ہے تمام عالمین کے لیے۔

سُوْرَۃُ الطَّارِق مکیہ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ○ وَمَآ اَدْرٰىكَ

قسم ہے آسمان کی اور رات کو آنیوالے کی! اور تم کو کیا معلوم رات کو

مَا الطَّارِقُ ○ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ○

آنیوالا کیا ہے؟ (وہ) چمکتا ہوا تارہ ہے (اس بات کی قسم) کہ

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ○

کوئی انسان بھی ایسا نہیں ہے جس پر کوئی محافظ مقرر نہ ہو

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ○

پس انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا ہوا ہے

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ يَّخْرُجُ

وہ اچھلتے ہوئے پانی (منی) سے پیدا ہوا ہے جو نکلتا ہے

مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ○

جو پیٹھ اور سینہ کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے

إِنَّهُ عَلَىٰ رَجْعِهِ لَقَادِرٌ ○ يَوْمَ

بیشک وہ (اللہ) اس کے دوبارہ پیدا کرنے پر قدرت رکھتا ہے جس دن

تُبْلَى السَّرَائِرُ فَمَا لَهُ مِنْ قُوَّةٍ

دلوں کے راز جانچے جائیں گے تو اس دن اس کا نہ کچھ زور چلے گا

وَلَا نَاصِرٍ ○ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ○

نہ کوئی مددگار ہوگا۔ چکر کھانے والے آسمان کی قسم!

وَالْأَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ○ إِنَّهُ

اور پھٹنے والی زمین کی قسم بیشک یہ (قرآن) تو

لَقَوْلٌ فَصْلٌ ○ وَمَا هُوَ بِالْهَزْلِ

فیصلہ والا قول ہے اور یہ لغو نہیں ہے

إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ○ وَأَكِيدُ

بیشک یہ (کفار) اپنی تدابیر کر رہے ہیں اور میں اپنی

كَيْدًا ○ فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ

تدبیر کر رہا ہوں تو کافروں کو مہلت دو بس ان کو

رُوَيْدًا ○

تھوڑی سی مہلت دو

سُورَةُ اللَّهَبِ وَهِيَ خَمْسُ آيَاتٍ نَزَلَتْ بِمَكَّةَ

سورۂ لہب جس میں پانچ آیات ہیں مکہ میں نازل ہوئی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ○

ابو لہب کے ہاتھ ٹوٹ جائیں وہ خود ستیاناس ہو جائے

مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ○

نہ اس کا مال ہی اس کے کام آیا اور نہ وہ جو اس نے کمایا

سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ○

وہ عنقریب ہی بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل کیا جائے گا

وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ○

اور اس کی جورو (عورت) بھی جو سر پر ایندھن اٹھائے پھرتی ہے

فِىْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ○

اور اس کے گلے میں بٹی ہوئی رسی (بندھی) ہے

سورۃ الاخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ

کہدو اے رسول! کہ خدا ایک ہے اللہ (برحق)

الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ

بے نیاز ہے نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ اسکو کسی نے جنا

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۟

اور اس کا کوئی ہمسر نہیں!

سورۃ الفلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن و رحیم ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۟ لا مِنْ شَرِّ

(اے رسول) تم کہدو کہ میں صبح کے مالک کی ہر چیز کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں

مَا خَلَقَ ۟ لا وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا

جو اس نے پیدا کی - اور اندھیری رات کی برائی سے جب اس کا اندھیرا چھا

وَقَبَ ۟ لا وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي

جائے - اور گنڈوں پر پھونکنے والیوں کی برائی سے

الْعُقَدِ ۟ لا وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۟

اور حسد کرنے والے کی برائی سے جب حسد کرے

سورۃ الناس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۟ لا مَلِكِ

(اے رسول!) تم کہدو میں لوگوں کے پروردگار، لوگوں کے

النَّاسِ ۟ لا اِلٰهِ النَّاسِ ۟ لا مِنْ

بادشاہ، لوگوں کے معبود کی (شیطانی) وسوسہ کی برائی

شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵ۙ الْخَنَّاسِ ○

سے پناہ مانگتا ہوں جو (خدا کے نام سے) پیچھے ہٹ

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ

جاتا ہے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے

النَّاسِ ○ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○ؑ

جنات میں سے ہو خواہ آدمیوں میں سے۔

اسنادِ شش قفل

روایت ہے عبداللہ بن نعمان سے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے جو کوئی اِس شش قفل کو ہر شب پڑھے گا یا اپنے ساتھ رکھے گا خدائے تعالیٰ اُس کے واسطے رحمتِ بے حساب عطا فرمائے گا اور تمام بلیات وآفات سے محفوظ رکھے گا اُس شخص کی دعا ہمیشہ مستجاب ہوگی اور دنیا میں عزّت وحرمت کے ساتھ رہے گا اور اس دعا کے اسناد بیحساب ہیں طوالت کیوجہ سے مختصر لکھے گئے ہیں۔

شش قفل

قُفلِ اوّل

بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

بِسمِ اللهِ السَّمِیعِ البَصِیرِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو سننے اور دیکھنے والا ہے

الَّذِی لَیسَ کَمِثلِهٖ شَیءٌ وَهُوَ

وہ وہ ہے جس کے مثل کوئی نہیں ہے اور وہ

بِکُلِّ شَیءٍ عَلِیمٌ ○ بِرَحمَتِکَ

ہر شے کا جاننے والا ہے واسطہ تیری رحمت کا

یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِینَ ○ وَصَلَّی

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور درود ہو

اللهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجمَعِینَ

اللہ تعالیٰ کا حضرت محمدؐ و اُن کی تمام آل پر

قُفلِ دوم

بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الْخَالِقِ الْعَلِيْمِ ۝ الَّذِیْ

اللہ کے نام شروع کرتا ہوں جو پیدا کرنیوالا اور جاننے والا ہے

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ

اس کا مثل کوئی نہیں ہے اور وہ

الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ ۝ بِرَحْمَتِكَ یَا

کھولنے والا جاننے والا ہے تیری رحمت کا واسطہ اے

اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

سب سے زیادہ رحم کرنیوالے ۔

قفلِ سوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن و رحیم ہے

بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ ۝ الَّذِیْ

اسم الٰہی کے نام سے شروع کرتا ہوں جو دیکھنے اور جاننے والا ہے جس کا

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ

کوئی مثل و نظیر نہیں ہے اور وہ

الْغَنِیُّ الْقَدِیْرُ ۝ بِرَحْمَتِكَ

غنی قدرت والا ہے تیری رحمت کا واسطہ

یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ ○

اے سب سے زیادہ رحیم۔

قفلِ چہارم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمن و رحیم ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْکَرِیْمِ ○

باسم الٰہی (ابتدا کرتا ہوں) جو زبردست بھی ہے اور کریم بھی ہے

قفلِ پنجم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمن و رحیم ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ ○ الَّذِیْ لَیْسَ

باسم الٰہی ابتدا کرتا ہوں جو جاننے والا دیکھنے والا ہے، جس کا مثل

الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ

جس کا کوئی ثانی نہیں۔

وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْکَرِیْمُ ○ بِرَحْمَتِكَ

اور وہ غالب بھی ہے اور کریم بھی ہے تیری رحمت کا واسطہ

یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ ○

اے سب سے زیادہ رحیم!

کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّهُوَ الْعَلِیْمُ

کوئی نہیں ہے اور وہ جاننے والا

الْخَبِیْرُ ○ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ

باخبر ہے۔ تیری رحمت کا واسطہ اے سب سے

الرّٰاحِمِیْنَ ○

زیادہ رحم کرنے والے

قفلِ ششم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن و رحیم ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے ابتدا کرتا ہوں جو غالب رحیم ہے۔

اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ

جو اپنا مثیل و نظیر نہیں

شَیْءٌ وَّ هُوَ الْعَزِیْزُ

رکھتا۔ اور وہ غالب

الْغَفُوْرُ ۝

بخشنے والا ہے

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا

پس اللہ بہترین محافظ ہے

وَ ھُوَ اَرْحَمُ

اور وہ سب سے زیادہ

الرَّاحِمِیْنَ ۝

رحم کرنے والا ہے

دعا برائے مومنین

اے ربِّ جہاں پنجتنؑ پاک کا صدقہ
اِس قوم کا دامن غمِ شبیرؑ سے بھر دے

بچوں کو عطا کر علیؑ اصغرؑ کا تبسم
بوڑھوں کو حبیب ابنِ مظاہر کی نظر دے

کمسن کو ملے ولولۂ عونؑ و محمدؑ
ہر ایک جواں کو علیؑ اکبرؑ کا جگر دے

ماؤں کو سکھا ثانیٔ زہراؑ کا سلیقہ
بہنوں کو سکینہؑ کی دعاؤں کا اثر دے

مولاؑ تجھے زینبؑ کی اسیری کی قسم ہے
بے جرم اسیروں کو رہائی کی خبر دے

جو چادرِ زینبؑ کی عزادار ہیں مولاؑ
محفوظ رہیں ایسی خواتین کے پردے

جو دین کے کام آئے وہ اولاد عطا کر
جو مجلسِ شبیرؑ کی خاطر ہو وہ گھر دے

مفلس پہ زر و لعل و جواہر کی ہو بارش
مقروض کا ہر قرض ادا غیب سے کر دے

غم کوئی نہ دے ہم کو سوائے غمِ شبیرؑ
شبیرؑ کا غم بانٹ رہا ہے تو اِدھر دے